★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ
تعمیرِ وطن کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 326 بروز ہفتہ 22 اگست 2026ء 8 ربیع الاول 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

پنجپائی، نامعلوم ملزمان ایک شخص کو اغواء کر کے لے گئے

کوئٹہ (آن لائن) پنجپائی کے علاقے میں نامعلوم ملزمان ایک شخص کو اغواء کر کے لے گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز پنجپائی کے علاقے میں کوئٹہ سے سرلٹ جانے والے سردار زادہ بسم اللہ کو سلطان دونگی کے مقام پر مسلح افراد گن پوائنٹ پر اپنے ہمراہ لے گئے مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

سبی، نامعلوم ملزمان کی کوچ پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی

کوئٹہ (آن لائن) سبی کے علاقے میں نامعلوم ملزمان کی کوچ پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز سبی بائی پاس پر نواب شاہ سے کوئٹہ آنے والی مسافر کوچ پر نامعلوم ملزمان کی جانب سے فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص محمد صادق زخمی ہوگیا زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ڈاکو مسافروں سے اسلحہ کے زور پر نقدی، موبائل فون اور قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہوگئے۔ مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

پاکستان کے شام کے ساتھ دیرینہ برادرانہ تعلقات ہیں، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

راولپنڈی (آن لائن) پاکستان کے دورے پر موجود شام کے وزیر خارجہ اسعد حسن الشیبانی نے اپنے وفد کے ہمراہ جی ایچ کیو راولپنڈی کا دورہ کیا اور سربراہ پاک فوج چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے تفصیلی ملاقات (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

وزیراعلیٰ بلوچستان کی دہشتگردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے کے مختلف اضلاع میں سکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 8)

اچھی سیاسی فضا بنتی ہے تو پتہ نہیں کون سی قوتیں اسے خراب کر دیتی ہیں، محمود خان اچکزئی

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کے اجلاس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کو رات کے اندھیرے میں ایک ہسپتال سے دوسرے ہسپتال منتقل کیے جانے کے معاملے پر اپوزیشن نے شدید احتجاج کیا۔ اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اور بیرسٹر گوہر نے حکومت سے وضا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 7)

بلوچستان میں امن و استحکام سرمایہ کاری کے فروغ اور صوبے کے انسانی و قدرتی وسائل کو عوام کی خوشحالی میں تبدیل کرنے کے لیے ناگزیر ہے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

پاکستان اور بلوچستان کا حال اور مستقبل ایک ہے اور ایک رہے گا، فیلڈ مارشل

شرکا، کا سیکیورٹی فورسز سے مکمل تعاون کا عزم، سچ غالب آئے گا جبکہ دشمن قوتوں کا جھوٹا بیانیہ اپنے ہی پروپیگنڈے اور فریب ہمیشہ کے لئے دفن ہو جائے گا، شرکا کا اظہار خیال

راولپنڈی (آن لائن) آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن و استحکام سرمایہ کاری کے فروغ اور صوبے کے انسانی و قدرتی وسائل کو عوام کی خوشحالی میں تبدیل کرنے کے لیے ناگزیر ہے، فیلڈ مارشل سے بلوچستان کی اہم شخصیات اور سیاسی قیادت کی ملاقات، شرکاء نے سیکیورٹی فورسز سے مکمل تعاون کا عزم کرتے ہوئے کہا سچ غالب آئے گا جبکہ دشمن قوتوں کا جھوٹا بیانیہ اپنے ہی پروپیگنڈے اور فریب میں دفن ہو جائے گا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ملاقات کے دوران کہا کہ بلوچستان اور پاکستان کا حال اور مستقبل ایک ہے اور ہمیشہ ایک رہے گا، بلوچستان باصلاحیت، ثابت قدم (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 1)



اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف بلوچستان نیشنل ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کے مسائل ڈائیلاگ سے حل ہونے چاہئیں، وسائل پر پہلا حق عوام کا ہے بلوچستان کے مسائل بندوق نہیں، مذاکرات سے حل ہوں گے: وزیراعظم

گرینڈ ڈائلاگ کی تجویز، جائز شکایات بار بار سننے اور حل کرنے کیلئے تیار ہوں، چاروں صوبے مل کر چلیں تو ملک ترقی کرے گا، ورکشاپ سے خطاب

وزیراعظم نے بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے گرینڈ ڈائیلاگ کی تجویز دیدی

بلوچستان بلوچ اور پشتون اقوام پر مشتمل پاکستان کا اہم حصہ ہے بلوچ قوم کی تاریخ دلیری، مہمان نوازی، رواداری اور عظیم روایات سے مزین ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے گرینڈ ڈائلاگ کی پیشکش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر آج بھی ہم مل بیٹھیں تو بہت سی آسانیاں پیدا ہو سکتی ہیں، صوبے کے جائز مسائل اور شکایات ایک بار نہیں بلکہ بار بار سننے اور ان کا حل نکالنے کیلئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چاروں صوبے مل کر چلیں گے تو ہی پاکستان ترقی کرے گا۔ بلوچستان نیشنل ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے شرکا کو خوش آمدید کہا اور کہا کہ بلو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 4)

بانی پی ٹی آئی طبی معائنے کے بعد صحت مند قرار، پھر سے اڈیالہ جیل واپس منتقل

سپریم کورٹ کے فیصلے پر بانی پی ٹی آئی کو رات گئے ہسپتال منتقل کیا گیا: عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں بانی پی ٹی آئی کو 20 اور 21 اگست کی درمیانی شب مناسب حفاظتی انتظامات کے تحت ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ماہرین پر مشتمل ڈاکٹروں کی ٹیم نے تفصیلی طبی معائنہ کیا اور انہیں طبی طور پر صحت مند قرار دیا۔ جس کے بعد (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 6)

طلبہ کو مفت جیمینائی اے آئی پلس اور 2026 میں 150,000 کیریئر سرٹیفکیٹس دینے کا اعلان

حب (آن لائن) حکومت پاکستان اور گوگل کے درمیان ایم او یو پر دستخط، طلبہ کو مفت جیمینائی اے آئی پلس اور 2026 میں 150,000 کیریئر سرٹیفکیٹس دینے کا اعلان۔ تفصیلات کے مطابق حکومت پاکستان اور (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 5)

بلاول بھٹو سے پیپلز پارٹی کے اہم رہنماؤں کی ملاقات

رہنماؤں سے ملاقاتیں، عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر زور

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے زرداری ہاؤس میں پارٹی کے اہم رہنماؤں نے ملاقات کی، جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورت حال اور باہمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سابق وزیراعظم راجا پرویز اشرف، سینیٹر شیری رحمان، نیر بخاری، ہمایوں خان، نوید قمر اور قمر زمان کائرہ شریک ہوئے۔ دریں اثنا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 3)

نوشکی، یوسی وائس چیئرمین پر خنجروں سے حملہ کر کے شدید زخمی کر دیا

نوشکی (آن لائن) یوسی قادر آباد کے وائس چیئرمین اعجاز احمد مینگل پر خنجروں سے حملہ کیا گیا شدید زخمی حالت میں میر گل خان نصیر ٹیچنگ نوشکی میں طبی امداد دینے کے بعد مزید علاج کے لیے کوئٹہ منتقل کیا گیا ہے پولیس واقعہ کی مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

بانی پی ٹی آئی کی صحت پر حکومت، اپوزیشن آمنے سامنے

وفاقی وزیر خواجہ آصف کے بانی کی صحت سے متعلق خدشات مسترد

حلفاً کہتا ہوں بانی پی ٹی آئی کی صحت کو کوئی مسئلہ نہیں، خواجہ آصف کا خطاب

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی صحت اور ہسپتال منتقلی کے معاملے پر حکومت اور اپوزیشن آمنے سامنے آ گئیں۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق خدشات مسترد کرتے ہوئے کہا کہ حلفاً کہتا ہوں ان کی صحت کو کوئی مسئلہ نہیں، جبکہ اپوزیشن نے ہسپتال منتقلی اور علاج کے حوالے سے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے (آئی سی ڈی) کے سیکرٹری جنرل ہز ایکسی لینسی شیخ یوسف حسن خلاوی ملاقات کر رہے ہیں

شیخ زید ہسپتال کوئٹہ بھی امراض قلب کے علاج کا ایک مؤثر اور فعال مرکز ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا خطاب

بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز تکمیل کے مراحل میں ہے، سرفراز بگٹی

صوبے کے زمینداروں کو بجلی کے بحران سے ریلیف دینے کے لیے سولرائزیشن منصوبہ انتہائی کامیابی سے مکمل کیا گیا ہے

بلوچستان میں امراض قلب کے علاج کے لیے جدید اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امراض قلب کے علاج کے لیے جدید اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز (BICVD) تکمیل کے مراحل میں ہے، جبکہ شیخ زید ہسپتال کوئٹہ بھی امراض قلب کے علاج کا ایک مؤثر اور فعال مرکز ہے انہوں نے ان خیالات کا اظہار بلوچستان نیشنل ورکشاپ کے شرکاء اور صوبے کے عمائدین کی وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف سے ملاقات کے موقع پر شرکاء کے سوالات کے جوابا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان نیشنل ورکشاپ کے شرکاء کے سوالات کے جواب دے رہے ہیں

قانون نافذ کرنے والے ادارے کے اہلکاروں نے علاقے کو گھیرے میں لیکر شواہد اکٹھے کرنا شروع کر دیے ہیں

مستونگ کے باغ میں دھماکے سے 6 افراد جاں بحق 3 زخمی

گل خان، عمران، عبید اللہ، جہانزیب سمیت دیگر جاں بحق ہوگئے اور 3 افراد علی رضا، نصیب اللہ، خالد حسین زخمی ہوگئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے علاقے مستونگ کے باغ میں دھماکے سے 6 افراد جاں بحق اور 3 زخمی ہو گئے۔ ڈی ایس پی رفیق حمزہ کے مطابق دھماکا مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ کے ایک باغ میں ہوا جس میں 6 افراد گل خان، عمران، عبید اللہ، جہانزیب سمیت د (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 11)

کوئٹہ، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے سی ای او قائم لشکری بلوچستان ماڈل یونین نیشن کی تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

شاہد رند کی دہشت گردوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 12)

پیٹرولیم لیوی نہ ہٹی تو عوامی تحریک بڑھائیں گے، حافظ نعیم

جماعت اسلامی کا لانگ مارچ شروع ہوا تو 3 دن میں ختم نہیں ہوگا، دھرنے سے خطاب

لاہور (آن لائن) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے خبردار کیا ہے کہ اگر حکومت نے پیٹرولیم لیوی ختم نہ کی تو عوامی تحریک کو مزید آگے بڑھایا جائے گا۔ لاہور میں جاری دھرنے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے واضح کیا کہ جب جماعت اسلامی کا لا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 13)

پنشنرز کے لیے پروف آف لائف سرٹیفکیٹ مفت، نادرا نے سہولت متعارف کرادی

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی خصوصی ہدایت پر نادرا نے پنشنرز کے لیے پروف آف لائف سرٹیفکیٹ کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 15)

ڈسٹرکٹ کونسل ہال خضدار میں کھلی کچہری کا انعقاد

عوامی شکایات کے حل کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا

خضدار (خ ن) ضلعی انتظامیہ خضدار کی جانب سے عوامی مسائل کے فوری حل اور شہریوں کو براہ راست اپنے مسائل اعلیٰ حکام تک پہنچانے کا مؤثر موقع فراہم کرنے کے لیے ڈسٹرکٹ کونسل ہال خضدار میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری ڈپٹی کمشنر خضدار (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 14)

صوبے کے عوام کے حقوق، ترقی اور خوشحالی کے لیے ہر آئینی، جمہوری اور سیاسی فورم پر اپنا کردار ادا کرتی رہے گی

بلوچستان کے مسائل کا حل مکالمے، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور عملی اقدامات میں ہے، جمال شاہ کاکڑ

وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے حوالے سے جس کھلے دل اور واضح انداز میں بات کی ہے وہ اس امر کا ثبوت ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے بلوچستان نیشنل ورکشاپ کے شرکا سے خطاب کو صوبے کے مسائل کے حل، ترقی اور قومی یکجہتی کے حوالے سے اہم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے مسائل کا پائیدار حل طاقت نہیں بلکہ بامقصد مکالمے، باہمی اعتماد، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور عملی اقد (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 18)

عمران خان کی طبی حالت مستحکم، تمام ضروری طبی مراحل مکمل ہو چکے ہیں: طارق فضل چوہدری

شفا انٹرنیشنل ہسپتال کے باہر غیر معمولی رش اور سیکیورٹی کی صورتحال کے باعث عمران خان کو پمز منتقل کیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے مکمل طبی معائنے، تشخیصی مراحل اور علاج کے دوران (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 17)

انتہا پسندی، عدم برداشت اور نفرت کے خاتمے کیلئے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں، اعظم نذیر تارڑ

دہشت گردی کے متاثرین کی قربانیوں کو خراج عقیدت، انصاف اور بحالی یقینی بنانا ریاست کی ذمہ داری ہے

اسلام آباد (آن لائن) دہشت گردی کے متاثرین کی یاد اور انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کے عالمی دن کے موقع پر وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 16)

اپوزیشن جماعتوں کا پارلیمان میں اتحاد، جلد حتمی اجلاس ہوگا: مولانا فضل الرحمان

پہلے پارلیمانی جماعتوں، پھر پارلیمان سے باہر کی قوتوں سے مشاورت کریں گے، گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے اپوزیشن جماعتوں کے پارلیمان میں متحد ہونے کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اپوزیشن لیڈر سمیت حزب اختلاف کی جماعتوں کے ساتھ جلد ایک حتمی میٹنگ ہوگی، جس کے بعد اپوزیشن کے آئندہ لائحہ عمل کو حتمی شکل دی جائے گی۔ نیشنل پریس کلب اسلام آباد آمد کے موقع پر صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اپوزیشن کے اتحاد کے حوالے سے مشاورت کا عمل جاری ہے۔ پہلے مرحلے میں پارلیمانی جماعتوں کو اکٹھا کیا جائے گا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 19)

قلعہ عبداللہ کے علاقے میں نامعلوم ملزمان پولیس چوکی پر دستی بم پھینک کر فرار ہوگئے

کوئٹہ (آن لائن) قلعہ عبداللہ کے علاقے میں نامعلوم ملزمان پولیس چوکی پر دستی بم پھینک کر فرار ہوگئے جو چوکی کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 20)

نوشکی، مسلح ڈاکوؤں کا ہندو تاجر کے دکان کے اندر گھس کر فائرنگ ہندو تاجر جاں بحق

نوشکی (آن لائن) مسلح ڈاکوؤں کا ہندو تاجر کے دکان کے اندر گھس کر فائرنگ ہندو تاجر جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق نوشکی بازار قادر آباد اسٹاپ کے قریب (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 21)

فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف انسداد دہشت گردی مہم کے دوران خیبر پختونخوا، بلوچستان میں 49 دہشت گرد ہلاک ہوگئے

سیکیورٹی فورسز کی پولیس کے ہمراہ مشترکہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز 49 دہشتگرد ہلاک

بھارتی پراکسیز، فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف انسداد دہشت گردی مہم کے تحت دہشت گرد نیٹ ورکس کا خاتمہ ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی / کوئٹہ / پشاور (آن لائن) سیکیورٹی فورسز کے پولیس کے ہمراہ مشترکہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز، بھارتی پراکسیز، فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف انسداد دہشت گردی مہم کے تحت گزشتہ چند روز کے دوران خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں کیے گئے آپریشنز میں 49 دہشت گرد ہلاک ہوگئے، آپریشنز کا مقصد بھارتی پراکسیز، فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف انسداد دہشت گردی مہم کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 22)

سیکورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن ردالفتنہ تھری کے دوران تونکزی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن

کوئٹہ (آن لائن) سیکورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن ردالفتنہ تھری کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 30)

ایوان بالا کا اجلاس کورم کی نذر ہو گیا، کروڑوں روپے اخراجات کے باوجود حکومت کورم پورا کرنے میں ناکام ہوگئی

اسلام آباد (آن لائن) ایوان بالا کا اجلاس کورم کی نذر ہوگیا، کروڑوں روپے اخراجات کے باوجود حکومت کورم پورا کرنے میں ناکام ہوگئی، پی ٹی آئی کی سینیٹر مشعل یوسفزئی کی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 29)

قومی اسمبلی میں وزراء کی عدم حاضری پر اسپیکر برہم

وزیراعظم سے غیر ذمہ دار وزراء کے خلاف کارروائی کی سفارش

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کے اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران متعلقہ وزراء اور وزارتوں کے افسران کی عدم موجودگی پر اسپیکر سردار ایاز صادق نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم سے غیر ذمہ دار وزراء کے خلاف تادیبی کارروائی کی سفارش کر دی۔ اسپیکر نے وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری سے کہا کہ متعلقہ سوالات کے تحریری جوابات شام تک ایوان میں پیش کیے جائیں اور معاملہ وزیراعظم کے علم میں بھی لایا جائے۔ قومی اسمبلی کا اجلاس اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت شروع ہوا تو وقفہ سوالات کے دوران اسپیکر نے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف کی موجودگی میں حکومت پاکستان اور گوگل کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کیا جا رہا ہے

سربندن کے 6، پشکان کے 6 اور گوادر شہر کے 20 ماہی گیروں میں گرین فائبر بوٹس کے کاغذات تقسیم

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے محکمہ فشریز اینڈ کوسٹل ڈویلپمنٹ کی جانب سے منعقدہ تقریب میں قرعہ اندازی کے ذریعے سربندن کے 6، پشکان کے 6 اور گوادر شہر کے 20 ماہی گیروں میں گرین فائبر بوٹس کے کاغذات تقسیم کیے، جبکہ 2024 کی قدرتی آفات سے متاثرہ 16 افراد (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 23)

غیر قانونی کال سنٹروں کے خلاف ملک گیر گرینڈ آپریشن کا فیصلہ

غیر ملکیوں کے خلاف سائبر فراڈ، بلیک میلنگ اور فحش مواد کے عالمی نیٹ ورک کا انکشاف

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں بیٹھ کر غیر ملکی شہریوں کو مبینہ طور پر سائبر فراڈ، بلیک میلنگ، سیکس ٹارشن، گیمبلنگ اور سکیمنگ کا نشانہ بنانے والے غیر قانونی کال سنٹروں کے خلاف وفاقی حکومت نے ملک گیر گرینڈ آپریشن کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق غیر قانونی کال سنٹروں کے خلاف کارروائی کے لیے ایک نئی ٹاسک فورس تشکیل دی گئی ہے، جس میں حساس اداروں کے علاوہ وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے)، سائبر کرائم سے متعلقہ حکام اور این ایف اے کو شامل کیا گیا ہے۔ وفاقی پولیس اور ضلعی انتظامیہ بھی ٹاسک فورس کا حصہ ہوں گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کال سنٹروں کے خلاف پہلے کیے جانے والے آپریشن کی ناکامی کے بعد نئی ٹیم تشکیل دی گئی ہے، جسے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 24)

دہشت گردی کے تمام متاثرین اور شہداء کی عظیم قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں، محسن نقوی

وزیر داخلہ کا دہشت گردی کے متاثرین کی یاد اور اظہار عقیدت کے عالمی دن کے موقع پر پیغام

دہشت گردی کا کوئی مذہب، قوم یا سرحد نہیں، یہ انسانیت کے خلاف جرم ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے دہشت گردی کے متاثرین کی یاد اور اظہار عقیدت کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں دہشت گردی کے تمام متاثرین اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء پوری قوم کے سر کا تاج ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ دہشت گرد (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 26)

طاقت نہیں سیاسی مذاکرات ہی مسئلے کا پائیدار حل ہیں، مولانا عبدالواسع

وفاق کو بلوچستان کے عوام کا اعتماد بحال کرنے کے لیے پہل کرنا ہوگی، صوبائی امیر جے یو آئی (ف)

بلوچستان کو بحران سے نکالنے کیلئے عوامی مینڈیٹ، سیاسی شمولیت اور آئینی حقوق ضروری، وفاق اعتماد بحال کرنے میں پہل کرے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ بلوچستان اس وقت بدترین بدامنی، بے یقینی اور حکومتی ناکامی کے سنگین بحران سے دوچار ہے، روزانہ بے گناہ شہریوں کی لاشیں مل رہی ہیں، تھانے اور سرکاری تنصیبات جلائے جا رہے ہیں، جبکہ حکومت امن و امان قائم کرنے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ عوام کو مدد (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 27)

چیئرمین سینیٹ سے ثمینہ زہری اور علی حسن زہری کی اہم ملاقات

پارلیمانی معاملات، بلوچستان کی مجموعی صورتحال اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

عوام کی ترقی، خوشحالی اور بہتر مستقبل کیلئے ہر ممکن فورم پر آواز بلند کی جاتی رہے گی، چیئرمین سینیٹ سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری اور پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینیئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و سینیئر صوبائی نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان میر علی حسن زہری نے اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں قومی و صوبائی اہمیت کے امور، پارلیمانی معاملات، بلوچستان کی مجموعی صورتحال اور عوا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 25)

ABC CERTIFIED
روزنامہ تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ

آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے تین روز کیلیے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 7 روپے سے زائد کا اضافہ کردیا۔ وزارت پیٹرولیم کی جانب سے جاری نوٹی فکیشن کے مطابق اوگرا نے 22 سے 24 اگست کیلیے پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 3 روپے 81 پیسے کا اضافہ کیا ہے۔ اس کے علاوہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں 3 روپے 59 پیسے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ حکومت کا پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اعلان سرکاری خدمات اور معلومات تک رسائی نوٹی فکیشن کے مطابق حالیہ اضافے کے بعد فی لیٹر پیٹرول کی نئی قیمت 341 روپے 59 پیسے جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 368 روپے 29 پیسے پر پہنچ گئی۔ نوٹی فکیشن کے مطابق نئی قیمتوں کا اطلاق رات 12 بجے سے پیر 24 اگست کی رات تک ہوگا۔ واضح رہے کہ اوگرا کی جانب سے پیر تا جمعہ یومیہ بنیاد پر عالمی منڈی کے حساب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین کیا جاتا ہے، جمعے کے روز اعلان کردہ نرخ کا اطلاق ہفتے اور اتوار پر بھی ہوتا ہے۔

بقیہ 01

م محب وطن اور باوقار عوام سے مالا مال ہے، دیرپا امن واستحکام بلوچستان کی حقیقی معاشی صلاحیت کو بروئے کار لانے کے لیے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے واضح کیا کہ بلوچستان میں امن واستحکام سرمایہ کاری کے فروغ اور صوبے کے انسانی وقدرتی وسائل کو عوام کی خوشحالی میں تبدیل کرنے کے لیے ناگزیر ہے، بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیت اور مواقع کی کوئی کمی نہیں، نوجوان معاشرے کا سب سے متحرک اور امید افزا طبقہ ہیں، فیلڈ مارشل عاصم منیر کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کو بااختیار بنانا اور قومی ترقی میں کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرنا پائیدار ترقی کے لیے مرکزی حیثیت رکھتا ہے، انہوں نے زور دیا کہ فتنۃ الخوارج اور فتنۃ الہندوستان بلوچستان کو غیر مستحکم کرنے کے لیے دشمن عناصر کے غیر ملکی پراکسیز ہیں، دشمن عناصر بلوچستان کی ترقی روکنے اور ریاست وعوام کے درمیان خلیج پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، قوم کے اجتماعی عزم اور ریاست کے غیر متزلزل، فیصلہ کن اور بھرپور ردعمل سے دشمن کے مذموم عزائم ناکام بنائے جائیں گے، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے بلوچستان کی اہم شخصیات اور سماجی رہنماؤں کے امن، سماجی ہم آہنگی اور مثبت قومی مکالمے کے فروغ میں کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ دشمن کے منفی پروپیگنڈے کا بلاجھجک اور جامع انداز میں مقابلہ کرنے کی ضرورت ہے، جھوٹے بیانیوں کو بے نقاب اور بلوچستان کی حقیقی صلاحیت، ترقی اور عوام کی امنگوں کو اجاگر کیا جائے، فیلڈ مارشل عاصم منیر نے مزید کہا کہ بلوچستان کی تقدیر صرف بلوچستان کے عوام کے ہاتھوں میں ہے، ملاقات میں بلوچستان کی اہم شخصیات اور شرکاء نے امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے عزم کا اعادہ کیا اور غیر ملکی سپانسرڈ خطرات کے خلاف ریاست اور مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑے رہنے کے عزم کا اظہار کیا، ملاقات کے دوران شرکاء نے عوام پر مرکوز ترقی کے ذریعے پرامن، مستحکم اور خوشحال بلوچستان کے قیام کے لیے کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا، اور کہا کہ سچ غالب آئے گا جبکہ دشمن قوتوں کا جھوٹا بیانیہ اپنے ہی پروپیگنڈے اور فریب میں دفن ہو جائے گا۔

بقیہ 02

وضاحتیں طلب کیں۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ کی ان سے ملاقات ہوئی ہے، وہ خود بتا سکتی ہیں کہ ان کی صحت کے کیا حالات ہیں۔ انہیں ہسپتال لے جایا گیا، کوئی ایسی تشویشناک بات نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاستدانوں نے قید میں ایک عمر گزاری ہے، اس دوران آزمائشیں آتی ہیں۔ نواز شریف کی دو سرجریاں جنیوا میں ہوئی ہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کا آنکھ کا مسئلہ تھا، وہ صحت یاب ہو چکے ہیں اور ایک صحت مند شخص کی طرح کھانا کھاتے ہیں۔ ان کی صحت کو کوئی ایشو نہیں ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ جب ہمارے پلیٹ لیٹس کا ایک ایشو بنایا گیا تھا تو بانی پی ٹی آئی کی بیماریوں کا مذاق اڑانے والی سینکڑوں ویڈیوز موجود ہیں۔ نواز شریف کا مذاق اڑایا گیا اور امریکہ کے جلسوں میں بھی بانی پی ٹی آئی نے ان کا تمسخر اڑایا۔ انہوں نے اپوزیشن کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ اس وقت اپوزیشن کا ضمیر نہیں جاگ رہا تھا، اس طرح مسائل حل نہیں ہوتے۔ ہماری پوری قیادت قید تھی اور ہم اس ہاؤس میں آتے تھے، کسی اسٹیج پر ہم نے یہ نہیں کہا کہ مریم نواز قید ہیں تو ہم یہ کر دیں گے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ اگر اجازت دی جائے تو وہ ساری ویڈیوز ایوان میں چلا سکتے ہیں۔ جب اس قسم کے رویے ہوں تو تھوڑا سا برداشت کر لینا چاہیے، آپ نے سیاست کے اسٹینڈرڈ کو گٹر میں ڈال دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر نے حکم دیا ہے اس لیے بیٹھ جاتا ہوں۔ اس موقع پر اپنے تجربے کا ذکر کرتے ہوئے خواجہ آصف نے بتایا کہ جب وہ جیل میں تھے تو انہیں کہا گیا کہ ہرنیا کا آپریشن کرانا پڑے گا اور انہیں جناح ہسپتال لے جایا گیا۔ ان کے مطابق جب ان کا آپریشن ہو رہا تھا تو ایک سابق کارسٹ کی ڈیوٹی لگائی گئی تھی کہ خان صاحب نے ویڈیو مانگی ہے، جس پر اس کا کیمرا ضبط کر لیا گیا۔

بقیہ 03

، بلاول بھٹو زرداری سے گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے رکن عمران ندیم نے بھی زرداری ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران عمران ندیم نے ضلع شگر میں اپنے حلقہ انتخاب کے عوام کو درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے پارٹی چیئرمین کو آگاہ کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے عوامی مسائل کے حل اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیا

بقیہ 04

چستان بلوچ اور پشتون اقوام پر مشتمل پاکستان کا اہم حصہ ہے۔ بلوچ قوم کی تاریخ دلیری، مہمان نوازی، رواداری اور عظیم روایات سے مزین ہے۔ قیام پاکستان کے وقت بلوچستان کے مختلف حصوں

نے پاکستان کے ساتھ الحاق کا اعلان کیا اور بلوچ عمائدین وعوام نے دل کی آواز پر پاکستان کا حصہ بننے کا فیصلہ کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل مذاکرات کے ذریعے حل ہونے چاہئیں۔ ڈائیلاگ کا بنیادی مقصد بلوچ عوام اور ان کے نمائندوں کی بات سننا ہے۔ بلوچستان پاکستان کا اہم اور امیر ترین صوبہ ہے جو معدنیات اور دیگر قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، تاہم جغرافیائی اعتبار سے سب سے بڑے صوبے کے مسائل بھی بڑے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ مسائل بندوق کے زور پر حل نہیں ہو سکتے۔ کسی بھی مسئلے یا شکایت کی آڑ میں کوئی محب وطن شخص بندوق نہیں اٹھا سکتا، جبکہ بندوق اٹھانا اور معصوم لوگوں کو شہید کرنا ناقابل جواز ہے۔ شناختی کارڈ کی بنیاد پر کسی شخص کی جان لینا بھی کسی صورت جائز نہیں، ایسے اقدامات کرنے والے پاکستان کے خیر خواہ نہیں ہو سکتے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں ہونے والی دہشت گردی میں بیرونی ہاتھ ملوث ہیں اور گھس بیٹھیے دشمن ممالک سے وسائل حاصل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے شہداء اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے دوسروں کی زندگیاں محفوظ بنا رہے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ وسائل کی منصفانہ تقسیم بلوچستان کے مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ بلوچستان کا حصہ وسائل میں دس فیصد زیادہ رکھا گیا ہے، جبکہ دیگر تینوں صوبوں، خصوصاً پنجاب، نے بھی بلوچستان کو اپنا حصہ دیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 70 ارب روپے کے توانائی منصوبے میں سے 40 فیصد بلوچستان کیلیے مختص کیا گیا، جبکہ صوبے میں شمسی ٹیوب ویل بھی لگائے گئے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ انہوں نے اور فیلڈ مارشل نے این-25 جیسی خونی شاہراہ کو امن کی شاہراہ میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا تھا، تاہم بدقسمتی سے اس شاہراہ پر کام کرنے والے مزدوروں کو بھی دہشت گردی کا نشانہ بنا کر شہید کر دیا گیا۔ انہوں نے ایک بار پھر سیاسی وقومی اتفاق رائے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ آج بھی تمام فریق مل بیٹھیں تو مسائل کے حل اور ملک میں آسانیاں پیدا کرنے کی راہ ہموار ہو سکتی ہے۔ پاکستان کی ترقی اور استحکام کیلیے چاروں صوبوں کا مل کر آگے بڑھنا ناگزیر ہے۔

بقیہ 05

گوگل کے درمیان ملک میں ڈیجیٹل تبدیلی کے عمل کو تیز کرنے، ڈیجیٹل مہارتوں کو فروغ دینے اور اہم شعبوں میں مصنوعی ذہانت کے استعمال کو بڑھانے کے لیے مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط ہو گئے۔ اس تعاون کا مقصد پاکستان کی آئی ٹی برآمدات اور مجموعی ڈیجیٹل معیشت کو 2030 تک 30 ارب ڈالر تک پہنچانے میں مدد فراہم کرنا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے گوگل کی اعلیٰ قیادت کے وفد کے اعزاز میں خصوصی استقبالیہ دیا اور ایم او یو پر دستخط کی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب میں وزیر مملکت برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، گوگل کے نائب صدر برائے حکومتی امور اور پبلک پالیسی ولسن وائٹ، امریکی ناظم الامور نٹالی اے بیکر اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان اور گوگل کی شراکت داری کے حوالے سے آج ایک اہم دن ہے۔ جدید ذرائع، ٹیکنالوجی اور نئی مہارتوں کے ذریعے نوجوانوں کو بااختیار بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس وقت گورننس سمیت مختلف شعبوں میں بڑی ڈیجیٹل تبدیلی سے گزر رہا ہے۔ ہماری نوجوان آبادی ملک کی تقدیر بدلنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ وزیر آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ گزشتہ دو سال کے دوران حکومت نے پاکستان کے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کو جدید بنانے، کاروبار کرنے کے عمل کو آسان بنانے اور آئی ٹی کے شعبے میں مہارت رکھنے والے افراد کی صلاحیت بڑھانے کے لیے بھرپور کام کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کی تقریب وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان کے ڈیجیٹل تبدیلی کے ایجنڈے پر ہونے والی پیش رفت کا ثبوت ہے۔ گوگل کے پاکستان، فلپائن اور تھائی لینڈ کے کلسٹر ڈائریکٹر فرحان قریشی نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ شراکت داری کو مزید مضبوط کرنا گوگل کے لیے باعث اعزاز ہے۔ یہ تعاون پاکستان کی ڈیجیٹل صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور نوجوان نسل کو جدید مہارتیں فراہم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوگل پاکستان کو 30 ارب ڈالر کی ڈیجیٹل معیشت کے ہدف کی جانب بڑھنے میں معاونت فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ وزارت آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن کے سیکریٹری ضرار ہاشم خان اور گوگل کے ساتھ ایسٹ ایشیا اور ساؤتھ ایشیا پبلک پالیسی کے سربراہ ڈیوڈ وبلر نے ایم او یو پر دستخط کیے۔ ایم او یو کے تحت گوگل 2026 میں پاکستانی نوجوانوں کو 150،000 گوگل کیریئر سرٹیفکیٹس (Google Career Certificates) فراہم کرے گا۔ ان سرٹیفکیٹس کے ذریعے نوجوانوں کو مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق زیادہ طلب والی تکنیکی مہارتیں حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔ گوگل پاکستان میں گوگل کیریئر سرٹیفکیٹس پروگرام (Google Career Certificates Program) کو مزید وسعت دینے کے امکانات کا بھی جائزہ لے گا تاکہ تیزی سے ترقی کرنے والے شعبوں میں نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کیے جا سکیں۔ گوگل پاکستان بھر کے طلبہ کو جدید اے آئی ٹولز (AI Tools) فراہم کرنے کے امکانات کا بھی جائزہ لے گا، جن میں گوگل اے آئی پلس (Google AI Plus) اور جیمینائی نوٹ بک (Gemini Notebook) تک ایک سال کی مفت رسائی بھی شامل ہے۔ اس سہولت کا مقصد طلبہ کو تعلیم اور تحقیق میں مدد دینا، ان کی مسابقتی صلاحیت بڑھانا اور آئی ٹی برآمدات میں ان کے کردار کو مضبوط بنانا ہے۔ دونوں فریقوں نے اسلام آباد میں ایک خصوصی اے آئی سینٹر آف ایکسی لینس (AI Centre of Excellence) قائم کرنے پر اتفاق کیا۔ اس مرکز میں پاکستانی نوجوانوں اور انسانی وسائل کو عالمی ٹیکنالوجی مارکیٹ کے معیار کے مطابق تربیت دی جائے گی۔ وزیراعظم کے ایف بی آر (Federal Board of Revenue) کی اصلاحات کے منصوبے کے تحت گوگل، ایف بی آر کو اے آئی (AI) کے استعمال کے ذریعے عوامی خدمات کو جدید بنانے، حکومتی امور کو مزید مؤثر بنانے اور ایف بی آر کی ڈیجیٹل تبدیلی تیز کرنے میں معاونت فراہم کرے گا۔ اس کے علاوہ زراعت کے شعبے میں بھی اے آئی (AI) کا استعمال کیا جائے گا، جس سے فصلوں کی نگرانی، پیداوار کا اندازہ لگانے اور پائیدار زرعی طریقوں کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں (SMEs) کو عالمی منڈیوں تک اپنی رسائی بڑھانے میں بھی مدد فراہم کریں گے۔ ایم او یو کے تحت گوگل اور پاکستان مقامی ایپ ڈویلپرز (App Developers) اور گیمنگ اسٹوڈیوز (Gaming Studios) کی معاونت کے لیے مل کر کام کریں گے۔ دونوں فریق ڈیجیٹل ادائیگیوں کے ایکو سسٹم (Digital Payments Ecosystem) کو مضبوط بنانے اور ڈیجیٹل ٹریڈ (Digital Trade) کو فروغ دینے کے طریقوں کا بھی جائزہ لیں گے۔ حکومت، گوگل اور اہم صنعتی اداروں کے نمائندوں پر مشتمل ایک مشترکہ ٹاسک فورس (Joint Task Force) بھی قائم کی جائے گی۔ یہ ٹاسک فورس آئی ٹی برآمدات میں اضافے کی راہ میں حائل رکاوٹوں اور مواقع کی نشاندہی کرے گی۔ ٹاسک فورس ہارڈویئر مینوفیکچرنگ (Hardware Manufacturing) اور آئی ٹی سروسز (IT Services) کے لیے سرمایہ کاری کے فریم ورک، عالمی منڈیوں تک رسائی بڑھانے اور انسانی وسائل کی اپ اسکلنگ (Upskilling) سمیت دیگر امور پر کام کرے گی۔

بقیہ 06

انہیں واپس اڈیالہ جیل لے جایا گیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں بتایا کہ بانی پی ٹی آئی کو معائنے کے لیے اس ہسپتال میں لے جایا گیا جہاں ماہر امراض چشم، ماہر امراض قلب اور فزیشن سمیت مستند ڈاکٹروں کی ٹیم موجود تھی۔ ڈاکٹروں نے تفصیلی معائنے کے بعد بانی پی ٹی آئی کو طبی طور پر صحت مند قرار دیا۔ ان کی ہمشیرہ محترمہ عظمیٰ خان بھی طبی معائنے اور علاج کے تمام مراحل کے دوران موجود رہیں۔ وفاقی وزیر نے مزید بتایا کہ طبی معائنے اور دیگر ضروری مراحل مکمل ہونے کے بعد بانی پی ٹی آئی کو 21 اگست کی صبح تقریباً 5 بجے اڈیالہ جیل واپس منتقل کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ تمام کارروائی سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں مناسب حفاظتی انتظامات کے تحت مکمل کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے کارکنوں کی طرف سے جو سیکیورٹی صورتحال الشفاء ہسپتال اور اس کے باہر پیدا کی گئی اس کے باعث بانی کو پہلے جایا گیا۔ انکو پہلے بھی طبی سہولیات فراہم کی جاتی رہی ہیں اور اب بھی جب ضرورت پڑے گی تمام سہولیات دی جائیں گی۔ #/s#

بقیہ 07

حق طلب کرتے ہوئے کہا کہ ایک طرف مذاکرات اور بہتر سیاسی ماحول کی بات ہوتی ہے تو دوسری جانب ایسے اقدامات سے حالات خراب کیے جا رہے ہیں۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا کہ ابھی ڈائیلاگ کی فضا بنتی ہے، پتہ نہیں کون سی قوتیں اسے سبوتاژ کر دیتی ہیں۔ رات کو معلوم ہوا کہ بانی پی ٹی آئی کو رات کے اندھیرے میں کسی دوسرے ہسپتال منتقل کیا گیا، ایک اچھی فضا کو لوگ خراب کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کی بہن کو ہسپتال کے ایک دوسرے کمرے میں بند کیا گیا۔ پرسوں بھی کسی کے کان پر جوں تک نہیں رینگی۔ تحریک انصاف کے لوگوں کو بھی بولنے دیا جائے۔ محمود اچکزئی نے کہا کہ ریاستیں عوام سے بنتی ہیں، ہم نے صرف اتنا کہا کہ اگر کوئی مجرم بھی ہے تو اس کا حق ہے کہ وہ اپنے خاندان سے مل سکے۔ اس موقع پر وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ گوہر صاحب کو بات کر لینے دیں، جس کے بعد اسپیکر نے مائیک بیرسٹر گوہر کو دے دیا۔ بیرسٹر گوہر نے ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ حکومت مانے یا نہ مانے لیکن دنیا مانتی ہے کہ بانی پی ٹی آئی مقبول ترین لیڈر ہیں۔ دنیا یہ بھی مانتی ہے کہ بعض لوگوں کو ان کی ایک جھلک بھی برداشت نہیں ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ جنوری میں پہلے حکومت کی جانب سے بیان دیا گیا کہ بانی پی ٹی آئی کو شفٹ کیا گیا ہے اور ان کی آنکھ کا مسئلہ ہے۔ ہم اس معاملے پر 25 مرتبہ ہائی کورٹ اور 17 مرتبہ سپریم کورٹ گئے، لیکن اتنی بار عدالتوں سے رجوع کرنے کے باوجود ہمیں انصاف نہیں ملا۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم نے اپنے لوگوں سے کہا تھا کہ وہاں کوئی ویڈیو نہ بنائے، اپنے سپورٹرز اور ووٹرز سے بھی کہا کہ کوئی شفا انٹرنیشنل نہ جائے۔ ہم نے سپریم کورٹ کے حکم کا احترام کرنے اور ایسا کوئی کام نہ کرنے کی ہدایت کی جس سے بانی پی ٹی آئی کا علاج متاثر ہو۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ کون ہے جس نے بانی پی ٹی آئی کو رات کو غلط ہسپتال لے کر گیا اور ایک گھنٹے کے اندر کون انہیں واپس لے گیا؟ انہوں نے کہا کہ کوئی ایسا ہے جو ہمارے لیے مشکلات پیدا کر رہا ہے کہ ہم آپ کے ساتھ پارلیمنٹ میں رہیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہمارے لیے ممکن نہیں ہوگا کہ ہم آپ کے ساتھ اسمبلی میں رہیں، میرا حق نہیں بنتا کہ میں مزید آپ کے ساتھ اس ایوان میں بیٹھوں، میں اپنے ووٹر کا سامنا نہیں کر سکتا۔ انہوں نے وزیر دفاع خواجہ آصف کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ خواجہ آصف سینئر سیاستدان ہیں، اب ہم متحدہ اپوزیشن ہیں، اگر خواجہ صاحب کا لیڈر ایسا ہو تو وہ کیا کریں گے؟ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی ڈیل کرنے والے بندے نہیں ہیں، ہمارے کارکنوں کے لیے آج کا دن بھاری ہے۔

بقیہ 08

اج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ

بقیہ 01

تقیار کرچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں محسن نقوی کے ایس ایچ او والے تھانے دن دیہاڑے بموں سے اڑائے جا رہے ہیں جو حکومتی دعووں، امن و امان کی صورتحال اور انتظامی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ جب قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مراکز ہی محفوظ نہ رہیں تو عام شہری اپنے جان و مال کے تحفظ کے لیے کس سے امید وابستہ کریں؟ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کے غیر سنجیدہ طرز عمل کے باعث بلوچستان کے مسائل حل ہونے کے بجائے مزید پیچیدہ ہوتے جا رہے ہیں۔ دیرینہ مسائل کے سیاسی اور عوامی سطح پر قابل عمل حل تلاش کرنے کے بجائے معاملات کو مسلسل بند گلی کی طرف دھکیلنا کسی صورت دانشمندانہ طرز حکمرانی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ سراناں میں پولیس اسٹیشن پر دن دیہاڑے بم حملہ امن و امان کے حوالے سے حکومتی دعووں کی نفی کرتا ہے۔ حکومت کو محض رسمی بیانات اور عارضی اقدامات کے بجائے امن و امان کے قیام، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے پائیدار حل کے لیے سنجیدہ اور نتیجہ خیز حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی۔

بقیہ 02

سے افغانستان اور ایران کے بارڈر بند ہونے کی وجہ سے لاکھوں کی تعداد میں لوگ بے روزگار ہو چکے ہیں اور دوسری جانب سرکاری نوکریاں سرعام فروخت کی جا رہی ہیں جس سے نوجوان نسل میں مایوسی پھیل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پڑھے لکھے نوجوان نوکریاں نہ ملنے کی وجہ سے غلط راستوں کا انتخاب کر رہے ہیں جس کا فائدہ دہشت گرد تنظیمیں اٹھا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان امن جرگہ کا ہمیشہ سے موقف رہا ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ دہشت گردی نہیں بلکہ معاشی ہے اگر پڑھے لکھے نوجوانوں کو نوکریاں فراہم کی جائیں تو دہشت گردی کا خود بخود خاتمہ ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وزراء، سرکاری محکموں میں میرٹ پر نوکریاں دینے کی بجائے سرعام لاکھوں روپے کے عوض فروخت کر رہے ہیں جس کی بلوچستان امن جرگہ مذمت کرتا ہے۔ لالا یوسف خلجی نے کہا کہ اگر پڑھے لکھے نوجوانوں کو میرٹ پر نوکریاں فراہم کی جائیں تو صوبے اور ملک سے بے راہ روی اور دہشت گردی خود بخود ختم ہو جائے گی کیونکہ نوکریاں نہ ملنے کی وجہ سے پڑھے لکھے نوجوان ملک دشمن عناصر کے ہاتھوں چڑھ جاتے ہیں جس کسی بھی طرح ملک اور صوبے کے مفاد میں نہیں ہے۔

بقیہ 03

صوبائی وزیر سے عملی اقدامات کی درخواست کی، جبکہ اس موقع پر علاقے کی مجموعی صورتحال، عوامی مشکلات اور ترقیاتی و فلاحی امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ایک مریض کی جانب سے آپریشن کے لیے مالی معاونت کی درخواست بھی پیش کی گئی، جس پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ مریض کے آپریشن کے اخراجات فراہم کرنے کے احکامات جاری کیے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت اور مستحق افراد کی بروقت مدد ان کی ترجیحات میں شامل ہے اور عوام کو مشکل کی گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے وفود کے مسائل اور گزارشات کو غور سے سنا اور یقین دلایا کہ عوامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور دور دراز علاقوں کے عوام کو درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کے بروقت حل کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات اٹھا رہی ہے، جبکہ عوامی فلاح و بہبود اور پسماندہ علاقوں کی ترقی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے حاجی نور محمد دمڑ نے متعلقہ حکام کو عوامی نوعیت کے مسائل کے حل کے لیے ضروری اقدامات اٹھانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوامی نمائندے کی حیثیت سے ان کی کوشش ہے کہ لوگوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ ان کی دہلیز پر کیا جائے اور دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے زیادہ سے زیادہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے اس موقع پر زیارت، ہرنائی اور سنجاوی سے آئے وفود نے صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ کا مسائل کو توجہ سے سننے، فوری احکامات جاری کرنے اور مریض کے آپریشن کے اخراجات فراہم کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کی عوام دوست کاوشوں کو

بقیہ 04

سمیت تمام صوبوں کو ان کے آئینی، سیاسی، معاشی اور انتظامی حقوق فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ عوام کو حقیقی معنوں میں ترقی، وسائل میں منصفانہ حصہ اور سیاسی نمائندگی حاصل ہو سکے۔ نیشنل پارٹی کا کہنا ہے کہ نئے صوبوں کا قیام کسی بھی صورت میں عوامی حقوق، صوبائی خودمختاری اور وفاقی اکائیوں کے مفادات کو متاثر کرنے کا ذریعہ نہیں بننا چاہیے۔ پارٹی قیادت پہلے ہی نئے صوبوں کے قیام اور 18ویں ترمیم سے متعلق مختلف تجاویز پر اپنے تحفظات کا اظہار کر چکی ہے اور اس بات پر زور دیتی رہی ہے کہ پاکستان کے وفاقی نظام کو مزید مضبوط بنانے کے لیے تمام صوبوں کے ساتھ برابری، انصاف اور آئینی تقاضوں کے مطابق رویہ اختیار کیا جائے۔

بقیہ 05

جانا ناقابل قبول اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نے عمران خان کو طبی معائنہ و علاج کے لیے اسپتال منتقل کرنے اور طبی ماہرین کی نگرانی میں رکھنے کی ہدایت کی تھی، مگر عدلیہ کے حکم کے برخلاف چند گھنٹوں بعد دوبارہ جیل منتقل کرنا عدالتی احکامات کی روح پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ عالم خان کاکڑ نے کہا کہ عمران خان کی صحت سے کسی بھی قسم کا کھلواڑ برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ایک مقبول سیاسی رہنما کو بنیادی طبی سہولیات سے محروم رکھنا نہ صرف اخلاق اور انسانی اصولوں کے منافی ہے بلکہ اس سے عوام کے اندر موجود بے چینی مزید بڑھ رہی ہے۔ حکومت اور متعلقہ ادارے واضح کریں کہ سپریم کورٹ کے احکامات پر مکمل اور من و عن عملدرآمد کیوں نہیں کیا جا رہا۔ جنرل سیکرٹری آئی ایل ایف بلوچستان ایڈووکیٹ عبدالحکیم زرین نے کہا کہ عدلیہ کی اصل طاقت اس کے فیصلوں پر عملدرآمد میں ہے اگر عدالتی احکامات ہی کو نظر انداز کیا جائے تو اس سے نہ صرف بنیادی انسانی حقوق متاثر ہوتے ہیں بلکہ عدلیہ کے وقار اور قانون کی حکمرانی پر بھی سنگین سوالات اٹھتے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ عدالت عظمیٰ اپنے حکم پر فوری اور مؤثر عملدرآمد یقینی بنائے اور عمران خان کو ان کے بنیادی انسانی و آئینی حقوق فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف آج بھی رول آف لاء، آئین اور عدلیہ کی بالادستی کے لیے جدوجہد کر رہی ہے، لیکن مسلسل غیر منصفانہ اور ظالمانہ اقدامات سے عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو رہا ہے۔ عوام کے صبر کا مزید امتحان نہ لیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر عدلیہ کے واضح احکامات

پر عملدرآمد نہ ہوا اور عمران خان کی صحت و زندگی کے حوالے سے کسی قسم کی غفلت یا جان بوجھ کر رکاوٹ پیدا کی گئی تو عوام اپنے آئینی و جمہوری حق کے تحت احتجاج، لانگ مارچ اور دھرنے سمیت ہر پُرامن سیاسی راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہوں گے۔ انہوں نے چیف جسٹس پاکستان اور سپریم کورٹ سے مطالبہ کیا کہ عدالتی حکم کی خلاف ورزی کا فوری نوٹس لیا جائے، ذمہ داروں کا تعین کیا جائے اور عمران خان کو مکمل، شفاف اور آزادانہ طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، کیونکہ قانون کی حکمرانی صرف فیصلے سنانے سے نہیں بلکہ ان پر عملدرآمد سے قائم ہوتی ہے

بقیہ 06

ہے کہ سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر عمران خان کو صحت کی سہولیات ملنی چاہئے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں محمد نواز شریف اور بیگم کلثوم نواز جب بیمار تھیں تو یہی عمران خان اور انکی پارٹی نے انکی بیماری کا مذاق اڑاتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ محترمہ بےنظیر بھٹو کے بعد محترمہ بیگم کلثوم نواز نے ملک میں جمہوریت کے لئے جدوجہد کی اور انکی قربانیوں سے انکار ممکن نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے اپنے دور اقتدار میں مسلم لیگ (ن) کے قائدین میاں نواز شریف، میاں شہباز شریف، احسن اقبال، رانا ثناء اللہ، حنیف عباسی کے خلاف جھوٹے مقدمات قائم کر کے انہیں جیلوں میں ڈالا اور انکے خلاف انتقامی کارروائیاں کیں گئیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں محمد نواز شریف بڑے دل کے مالک ہیں انہیں چاہئے کہ وہ عمران خان کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایات دیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کو آج احساس ہو گیا ہوگا کہ انہوں نے اپنے دور میں اپنے سیاسی مخالفین کے خلاف جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات قائم کئے اور انہیں جیلوں میں اذیتیں دیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم سیاسی لوگ ہیں اور سیاست میں ذاتیات پر یقین نہیں رکھتے اس لئے عمران خان کو صحت کی سہولیات ملنی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) ایک جمہوری جماعت ہے جو ملک میں جمہوریت کی مضبوطی اور پارلیمنٹ کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے تمام سیاسی جماعتوں کو چاہئے کہ وہ ملکر 28ویں ترمیم پاس اور نئے صوبوں کے قیام کی حمایت کریں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت بلوچستان کی ترقی میں خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر اضلاع میں جو بڑے بڑے ترقیاتی منصوبے چل رہے ہیں وہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت کی مرہون منت ہیں پیپلز پارٹی اسکا کریڈٹ لینے کی ناکام کوشش کر رہی ہے ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ پیپلز پارٹی نے کوئی ترقیاتی کام نہیں کئے بلکہ اس نے ہمیشہ بلیک میلنگ کی سیاست کی ہے۔

بقیہ 07

تفویض کردہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے تمام ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ (TVET) ادارے، جو پہلے مختلف انتظامی سیٹ اپس کے تحت کام کر رہے تھے، اب 'بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی' (TEVTA-B) کے ریگولیٹری اور آپریشنل کنٹرول کے تحت دوبارہ منظم کیے جائیں گے: ڈائریکٹوریٹ آف مین پاور ٹریننگ کے تحت آنے والے ادارے صنعت و تجارت کے شعبے (ڈائریکٹوریٹ آف ٹریننگ) کے تحت کام کرنے والے تمام TVET ادارے کالجز، بائر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے انتظامی کنٹرول کے تحت کام کرنے والے تمام پولی ٹیکنک، مونو ٹیکنک انسٹی ٹیوٹس اور گورنمنٹ کالجز آف ٹیکنالوجی؛ حکومت بلوچستان کی طرف سے وقتاً فوقتاً نوٹیفائی کیا جانے والا کوئی بھی دوسرا پبلک سیکٹر TVET ادارہ۔ بلوچستان میں مذکورہ بالا تمام TVET ادارے، بشمول کالجز، اسکولز، پولی ٹیکنکس اور ٹریننگ سینٹرز، اب TEVTA-B کے آپریشنل کنٹرول میں ہوں گے۔ TEVTA-B تمام TVET اداروں پر آپریشنل کنٹرول حاصل کرے گا اور مذکورہ ایکٹ کے تحت تفویض کردہ تمام امور اور اختیارات کو استعمال کرے گا۔ تمام انتظامی کنٹرول، بشمول اسٹیبلشمنٹ کے امور، سروس اسٹرکچر، اور مین پاور مینجمنٹ، حکومت بلوچستان کے 'محکمہ محنت و افرادی قوت' کے پاس ہوں گے۔ مدغم شدہ TVET اداروں اور ختم کیے گئے بورڈ (بلوچستان بورڈ آف ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ایجوکیشن) کے تمام اثاثے، حقوق، املاک، ریکارڈ، جاری منصوبے اور مالیاتی ذمہ داریاں خود بخود TEVTA-B اور BTEVAB کو منتقل ہو جائیں گی، جیسا کہ مذکورہ ایکٹ کے تحت لاگو ہو۔ "بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (TEVTA-B) کے مالیاتی امور کو حکومت بلوچستان کے 'محکمہ محنت و افرادی قوت' کی طرف سے انتظامی طور پر کنٹرول کیا جائے گا۔

بقیہ 08

کے جان و مال کے تحفظ کے لئے بھرپور اقدامات اٹھا رہے ہیں پولیس نے ہمیشہ ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے اپنا کلیدی کردار ادا کیا ہے یہ بات انہوں نے گزشتہ روز قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری ملزمان کی گرفتاری اور بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس اہلکاروں میں تعریفی سرٹیفکیٹ تقسیم کرنے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کا فرض اور ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے جرائم پیشہ اور سماج دشمن عناصر کی بیخ کنی کو یقینی بنائیں پولیس نے ہمیشہ اپنی ذمہ داری نبھاتے ہوئے ملزمان کو قانون کے شکنجے میں جکڑنے کے لئے کلیدی کردار ادا کیا اور کرتی رہے گی۔

بقیہ 09

رہ سالہ سلامت حسین گزشتہ دنوں پانی کے تالاب میں ڈوب کر ہلاک ہو گیا۔ علاقہ مکینوں نے نعش نکال کر ورثاء کے حوالے کر دی۔

بقیہ 10

قائم ہو چکا ہے اور پولیس انتظامیہ عوام کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ پارٹی کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا کہ شہر کے اندر اور مضافاتی علاقے جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر ہیں۔ لوگوں کو سرعام گولیاں ماری اور لوٹا جا رہا ہے۔ دن دیہاڑے ڈکیتی کی وارداتیں معمول بن چکی ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ چمن میں اندھیر نگری چوپٹ راج کا منظر ہے۔ شہری غیر محفوظ ہیں۔ موٹر سائیکلیں چھیننے کے واقعات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ دکانداروں سے نقدی اور موبائل چھینے جا رہے ہیں۔ کوئی بھی شہری نہ دن کو محفوظ ہے نہ رات کو۔ پارٹی بیان میں کہا گیا ہے کہ ڈاکو بے لگام ہیں اور کھلے عام دندناتے پھر رہے ہیں۔ دوسری طرف پولیس انتظامیہ ان کو پکڑنے میں ناکام ہے۔ شہریوں میں خوف و ہراس کی فضا ہے اور غیر یقینی صورتحال نے کاروبار زندگی مفلوج کر دیا ہے۔ عوام غیر محفوظ ہیں۔ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کا کہنا تھا کہ پے در پے ڈکیتی کی وارداتوں کے باوجود کوئی ٹھوس حکمت عملی سامنے نہیں آئی۔ شہری اپنے جان و مال کے تحفظ کے لیے خود کو غیر محفوظ سمجھ رہے ہیں۔ تاجر برادری اور ٹرانسپورٹرز بھی شدید پریشان ہیں۔ بیان میں حکومت بلوچستان، آئی جی پولیس اور ڈپٹی کمشنر چمن سے مطالبہ کیا گیا کہ چمن میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف فوری اور بلا امتیاز کارروائیاں کی جائیں۔ شہر میں جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ اور بااثر مجرمان پر ہاتھ ڈالا جائے ان کی سرپرستی ترک کی جائے ان کے ٹھکانوں کمین گاہوں کو تباہ کیا جائے۔ رات کے وقت گشت کا نظام بہتر بنایا جائے۔ بدامنی میں ملوث پولیس اہلکاروں کے خلاف بھی کارروائی کی جائے جو مجرموں کی سرپرستی کر رہے ہیں۔ اگر امن و امان کی صورتحال بہتر نہ بنائی گئی تو پشتونخوا ملی عوامی پارٹی عوام کے ساتھ مل کر شہر بھر میں احتجاجی دھرنا اور شٹر ڈاؤن ہڑتال کرے گی۔ امن و امان کی بحالی کے لیے ٹھوس مؤثر نتیجہ خیز اقدامات کئے جائیں۔ ڈاکوؤں کے گروہوں کو گرفتار کر لیا جائے تاکہ عوام کو تحفظ مل سکیں۔

بقیہ 11

ت کے نتیجے میں شہید ہونے والے کان کنوں کے لواحقین کیلئے بلوچستان حکومت کی جانب سے پانچ لاکھ روپے فی کس امداد کو ناکافی قرار دیکر مائن ورکرز کے لواحقین کیلئے معاوضے کی رقم میں خاطر خواہ اضافہ کیا جائے، متاثرہ خاندانوں کو ضروری سہولیات فراہم کی جائیں، مائنز میں حفاظتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، مائنز کا باقاعدگی سے معائنہ یقینی بنایا جائے، حفاظتی آلات اور تربیت کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور حادثات کی روک تھام کیلئے مؤثر نگرانی کا نظام قائم کرنے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن اور آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے ایک وفد نے سلطان محمد خان کی قیادت میں صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی سے ملاقات کی، اس موقع پر چیف انسپکٹر مائنز محمد عاطف ہزارہ بھی موجود تھے۔ وفد میں عبدالستار، آصف شاہ، عجب خان، شاہنواز زہری، محمد اسد اور احمر خان سمیت دیگر ٹریڈ یونین نمائندے شامل تھے۔ ملاقات کے دوران بلوچستان کی مائنز میں پیش آنے والے حالیہ اور گزشتہ حادثات، کان کنوں کی صحت و سلامتی، حفاظتی اقدامات، مائنز حادثات کے حوالے سے موجودہ قوانین، شہید کان کنوں کے لواحقین کو دی جانے والی حکومتی امداد اور معاوضے کے معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ٹریڈ یونین نمائندوں کے وفد نے حکومتی حکام کی توجہ اس جانب مبذول کرائی کہ بلوچستان میں کان کن مسلسل خطرناک حالات میں کام کر رہے ہیں اور مائنز حادثات کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو رہی ہیں۔ ٹریڈ یونین نمائندوں کے وفد نے اس بات پر زور دیا کہ معدنیات کے شعبے سے وابستہ مزدور ملکی معیشت کی مضبوطی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں لہٰذا ان کی جان و مال کا تحفظ حکومت، مائنز مالکان اور متعلقہ اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے، حادثات کے بعد صرف امداد دینا کافی نہیں بلکہ ایسے عملی اقدامات ضروری ہیں جن سے مستقبل میں مائنز حادثات کا سدباب کیا جا سکے۔

بقیہ 12

بلے کارڈ اور عید میلاد النبی ﷺ کی مناسبت سے سبز پرچم اٹھا رکھے تھے۔ مقررین نے کہا کہ آپ ﷺ کی تشریف آوری سے کفر و جہالت کی تاریکیاں ختم ہوئیں اور دنیا کے لیے ہدایت کا دروازہ کھلا۔ "ربیع" کے معنی بہار کے ہیں، اور حضور ﷺ کی آمد سے انسانیت کی روحانی اور اخلاقی بہار کا آغاز ہوا۔ اس مہینے کے اہم تقاضے سیرت طیبہ پر عمل: اس ماہ میں نبی کریم ﷺ کی سیرت پاک کا مطالعہ کرنا چاہیے اور اپنی زندگی کو آپ کے اسوہ حسنہ کے مطابق ڈھالنا چاہیے۔ کثرت سے درود و سلام: پیارے نبی ﷺ پر زیادہ سے زیادہ درود و سلام بھیجنا اس مہینے کا بہترین عمل ہے۔ اخلاق و کردار کی اصلاح: سچائی، امانت، دیانت اور آپس میں محبت و رواداری کو فروغ دے کر حقیقی محبت رسول کا عملی ثبوت دینا چاہئے۔ مقررین نے کہا کہ 12 ربیع الاول خیر و برکت والا دن ہے اس دن حضور پاک ﷺ کی دنیا میں آمد ہوئی تھی اور وہ ہمارے لئے رحمت بن کر آئے تھے ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے دین اسلام اور دینی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر اپنی آخرت کو سنوارنا ہے۔ مسلمانوں کو چاہئے قرآن و سنت کی روشنی میں زندگی گزاریں اور اپنے لئے آسانیاں پیدا کریں۔ قرآن اور سنت میں دین اور دنیا دونوں کی تعلیم ہمیں دی گئیں کہ کس طرح اپنی زندگی گزار کر دنیا و آخرت کو سنوار سکتے ہیں ہمیں دین کی اشاعت کو عام کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔ موجودہ دور کی تمام پریشانیوں کا حل دین سے جڑے رہنے میں ہیں۔

بقیہ 13

میں بیرونی مداخلت کو روکنے کے لئے ایک نکاتی ایجنڈے پر متحد ہو کر کام کریں تمام ادارے اپنی حدود میں رہ کر کام کریں تو حالات بہتر بن سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں جمعیت علماء اسلام نظریاتی کی مجلس شوریٰ کے اجلاس میں ہونے والے فیصلوں اور جماعت کے مرکزی و صوبوں کے انتخابات میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کے نتائج کا اعلان کرنے کے موقع پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری جنرل محمود الحسن قاسمی، بلوچستان کے امیر قاری میر اللہ، مفتی شفیع الدین، صوبہ پنجاب کے صدر قاری شاہ اللہ فاروق، جنرل سیکرٹری اکمل ندیم، سندھ کے صدر مولانا عزیز احمد شاہ، جنرل سیکرٹری قمر الدین کلاچی، کے پی کے صدر قاضی گل رحمن، جنرل سیکرٹری قاری قاسم خلیل مخلص، جبکہ اسلام آباد کے صدر حافظ خیر محمد، جنرل سیکرٹری قاری شمس الحق، سید عبدالستار شاہ چشتی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ مولانا عبدالقادر لونی نے کہا ہے کہ ہماری جماعت 2008ء سے پاکستان کے تمام صوبوں، ڈویژن اور اضلاع میں موجود ہے اور جماعت کے منشور کے مطابق ہر پانچ سال بعد انتخابات ہوتے ہیں اس بار بھی انتخابات سے قبل جماعت کی گزشتہ 8 ماہ سے ممبر سازی جاری تھی اور گزشتہ روز مرکزی شوریٰ کا اجلاس ہوا جس میں تمام صوبوں سے نمائندوں نے شرکت کی صاف اور شفاف انداز میں جماعت کے مرکزی امیر و سیکرٹری جنرل اور مرکزی مجلس شوریٰ کا انتخاب عمل میں لایا گیا اور مرکزی شوریٰ میں تمام صوبوں کی نمائندگی موجود ہے جس نے منعقدہ اجلاس میں تمام صوبوں اور اسلام آباد کے امیر و جنرل سیکرٹری کا انتخاب عمل میں لایا ہے اب انہیں اختیار ہے کہ وہ اپنے صوبوں کی باقی کابینہ منتخب کرنے کے لئے صاف اور شفاف انتخابات کرائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری جماعت کسی بیرونی قوت یا اپنے ملک کے اداروں کی پابند نہیں، کیونکہ جماعت کی پالیسیاں مرکزی مجلس شوریٰ طے کرتی ہے ہم مسلمانوں پر ہوتے والے مظالم کے خلاف ہیں اور ان مظالم کے خلاف ہر محاذ پر صدا بلند کرتے ہیں۔ جمعیت علماء اسلام نظریاتی نے ہمیشہ اللہ پاک کے حکم کو سامنے رکھا ہے غزوہ میں معاہدے پر عملدرآمد

کیوں نہیں کیا جا رہا جس کی وجہ سے اسرائیل عالمی عدالتوں کے فیصلوں کو نظر انداز کر رہا ہے جنگ بندی کے باوجود فلسطینی شہید ہو رہے ہیں جو عالمی اداروں اور قوتوں کے لئے لمحہ فکریہ ہونا چاہئے لیکن ان مظالم کے حوالے سے ان کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی۔ انہوں نے کہا کہ 2024 کے انتخابات کے نتائج کے بعد ہم نے سب سے پہلے انہیں مسترد کیا تھا جس کی وجہ سے آج ملک اس نہج پر جا پہنچا ہے اور ان حالات پر تشویش ہے کیونکہ 2024 کے انتخابات میں عوام کے حق رائے دہی کو نظر انداز کیا گیا اور اقتدار پر بیٹھائے گئے حکمران عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے اور امن کے قیام میں ناکام ہو چکے ہیں اس لئے غلط پالیسیوں کی وجہ سے موجودہ حکومت چلنے کے قابل نہیں ہے اگر ہماری پالیسی مضبوط ہو تو پاکستان کو ہمارا ازلی دشمن بھارت اور افغانستان کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا جب تک ہم اپنی پالیسیاں صحیح نہیں کریں گے حالات بہتر نہیں ہوں گے انہوں نے کہا کہ آج بلوچستان کی تمام بین الاقوامی، بین الصوبائی، کوئٹہ کراچی، کوئٹہ چمن، کوئٹہ تفتان، کوئٹہ جیکب آباد، کوئٹہ ڈیرہ غازی، کوئٹہ ڈیرہ اسماعیل خان شاہراہیں سفر کے لئے محفوظ نہیں قومی شاہراہوں پر لوگوں کی قتل و غارت، گاڑیوں کو جلانا لوٹ مار کا سلسلہ تواتر کے ساتھ جاری ہے۔ اور بلوچستان میں پولیس تھانوں کو دن دیہاڑے اڑانے اور نقصان پہنچانے والے کون ہیں؟ ان لوگوں کو کیوں گرفتار نہیں کیا جا رہا جو ہمارے مقتدرہ اور حکمرانوں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے اگر حکمران حالات نہیں سنبھال سکتے تو مستعفی ہو جائے۔ صاف اور شفاف انتخابات کرا کر عوام کے حق رائے دہی استعمال سے منتخب ہونے والے نمائندوں کو پارلیمان اور اقتدار میں آنے دیں۔ تمام ادارے اپنے حدود میں رہ کر کام کریں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتیں سیاسی میں مداخلت کو روکنے کے لئے ایک نکاتی ایجنڈے پر عمل پیرا ہو کر صاف اور شفاف انتخابات کو یقینی بناتے ہوئے سیاسی اور اداروں میں مداخلت کو روکنے کے ساتھ ساتھ مثبت پالیسیاں بنا کر ان پر من و عن عملدرآمد کر کے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں قتل و غارت بدامنی کو روک سکتے ہیں۔

بقیہ 14

ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔ مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 15

ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال، ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر PPHI، ڈرگ انسپکٹر اور دیگر شعبہ جات کے متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران ضلع کے تمام ہسپتالوں، دیہی و بنیادی مراکز صحت کی مجموعی کارکردگی، طبی و انتظامی عملے کی حاضری، ضروری ادویات کا اسٹاک اور عوام کو دی جانے والی طبی سہولیات کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ڈپٹی کمشنر ارشد حسین جمالی نے افسران کو ہدایت کی کہ تمام ہسپتالوں میں ادویات کی بلا تعطل فراہمی اور عملے کی حاضری ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے تاکید کی کہ عوام کو طبی سہولیات کے حصول میں کوئی دشواری نہیں ہونی چاہیے اور عوامی شکایات کا فوری ازالہ ممکن بنایا جائے بعد ازاں، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد سلیم ترین ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (DEO) اور کمیٹی اراکین نے شرکت کی اجلاس میں ضلع کے تمام سرکاری سکولوں کی فعال حالت، اساتذہ اور طلبہ کی روزمرہ حاضری، تدریسی معیار اور سکولوں کو درپیش بنیادی مسائل و انفراسٹرکچر پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے تعلیمی اداروں میں نظم و ضبط برقرار رکھنے، اساتذہ کی غیر حاضری کا خاتمہ کرنے اور تعلیمی معیار کو جدید تقاضوں کے مطابق بنانے کے لیے سخت انتظامی اقدامات کی ہدایت کی۔ اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر ہرنائی نے تمام متعلقہ افسران پر زور دیتے ہوئے کہا کہ صحت اور تعلیم جیسے بنیادی شعبوں میں کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ عوام کو ان دونوں شعبوں میں واضح اور مثبت تبدیلیاں نظر آنی چاہئیں۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنی انتظامی ذمہ داریاں قومی و اخلاقی فرض سمجھ کر بھرپور انداز میں ادا کریں تاکہ ضلع ہرنائی کے شہریوں کو دہلیز پر تمام بنیادی سہولیات میسر آ سکیں

بقیہ 16

کو ہدایت کی ہے کہ وہ قابل اطلاق ٹیکس قوانین کے تحت اپنی رجسٹریشن، درست ٹیکس رپورٹنگ، بروقت ریٹرن فائلنگ اور واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی یقینی بنائیں۔ اتھارٹی نے واضح کیا کہ ٹیکس قوانین پر عملدرآمد شفاف اور مؤثر ٹیکس نظام کے قیام، ٹیکس تعمیل میں بہتری اور صوبے کے محصولات میں اضافے کیلئے ضروری ہے

بقیہ 17

ہے۔ ایس ایس پی حب مرزا بلال حسن تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی ضلع حب مرزا بلال حسن کی جانب سے عوام الناس کی شکایات، مسائل اور دیگر پولیس سے متعلق امور کے فوری ازالے کے لیے عوامی ساعت کا باقاعدہ انتظام کیا گیا ہے اس سلسلے میں تمام ڈی ایس پیز ضلع حب اور ایس ایچ اوز ضلع حب کو باقاعدہ تحریری احکامات کے ساتھ ہدایت جاری کی گئی ہے کہ وہ روزانہ دوپہر 2:00 بجے سے شام 4:00 بجے تک اپنے متعلقہ دفاتر میں موجود رہیں اور عوام کی شکایات و مسائل سن کر ان کے ازالے کے لیے ضروری اقدامات کریں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شہری کو کسی بھی نوعیت کی شکایت، مسئلہ یا پولیس سے متعلق کوئی تحفظات ہوں تو وہ مقررہ اوقات میں متعلقہ ایس ڈی پی او یا متعلقہ تھانے کے ایس ایچ او سے براہ راست ملاقات کر کے اپنی شکایات پیش کر سکتے ہیں ضلعی پولیس حب عوام کو یقین دلاتی ہے کہ شہریوں کی شکایات کا بروقت ازالہ، عوام سے بہتر رابطہ اور انہیں انصاف کی فراہمی پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 18

مؤثر عوامی فورم ہے۔ آج کی کھلی کچہری شہریوں کے مسائل سنے بغیر اختتام پذیر نہیں ہوگی۔ ضلعی انتظامیہ کے دائرہ اختیار میں آنے والے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا، جبکہ ایسے مسائل جو ضلعی انتظامیہ کے اختیار سے باہر ہیں، انہیں متعلقہ اعلیٰ حکام اور محکموں کے سامنے تحریری طور پر پیش کیا جائے گا

بقیہ 19

اد ملے ہیں، جو بلوچستان کی دیہی خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ مہمان خصوصی محکمہ ترقی نسواں بلوچستان کے سیکریٹری شیر شاہ غلزئی نے کہا کہ خواتین کو وسائل، ہنر، منڈیوں اور فیصلہ سازی تک رسائی فراہم کرنا معاشی مواقع بڑھانے کے لیے ضروری ہے۔ اس موقع پر دیگر مقررین نمائندہ حکومت بلوچستان بتول اسدی ڈی جی لائیو اسٹاک ڈاکٹر محمد فاروق ترین نے بھی خطاب کیا اور امید ظاہر کی کہ اس پروگرام سے صوبہ کی خواتین کو فوائد حاصل کرنے

میں معاونت حاصل ہوگی

بقیہ 20

رودیگر ساتھیوں نے اپنے مشترکہ بیان میں جمعیت نظریاتی پاکستان کی مرکزی امیر حضرت مولانا عبدالقادر لونی اور مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا محمود الحسن قاسمی کو منتخب ہونے پر دل کی عطا گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان دونوں شخصیتوں کو منتخب کرانے پر مرکزی شوریٰ کے اراکین کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے ہماری قیادت کا صحیح انتخاب کیا گیا ہے اور ہم رکھتے ہیں کہ وہ جماعت کی صحیح معنوں میں آگے لایا جائے گا اور جماعت منظم اور فعال کرینگے اور ہم اپنی طرف سے بھرپور حمایت و تعاون کرنے کے لئے تیار ہیں۔

بقیہ 21

منانے کی کانفرنس کے تیاریوں میں کسی قسم کوتاہی برداشت نہیں کیا جائے گا اجلاس سے جمعیت طلبہ اسلام ضلع کوہٹہ کے ضلعی صدر حافظ حبیب الرحمن اور ضلعی جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی و دیگر اراکین مجلس عاملہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر سرفراز احمد خان شہید رح کی یاد میں ہونے والے کانفرنس سے اچھے اثرات برآمد ہوں گے ڈاکٹر سرفراز احمد خان شہید رح کی مشن کو جاری رکھے گی انہوں نے کہا کہ جمعیت طلبہ اسلام تمام تعلیمی اداروں میں پرامن تعلیم کے خواہاں ہیں جمعیت طلبہ اسلام تعلیمی سے کلاشنکوف کلچر کے خاتمہ چاہتی ہیں اجلاس میں محمد قیصر خان، حافظ محمد اسماعیل مری، عبدالقاہر، نیک محمد، حافظ سعید احمد، حافظ قائم شاہ، نعمت اللہ مبشر، قاری عثمان، نیاز محمد، محمد سلطان، زاہد حسین، شکیل احمد حنفی، احسان اللہ ضیب محمد حفیظ مینگل حافظ قدرت و دیگر نے شرکت کی اجلاس میں ملکی استحکام اور سلامتی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 22

صورتحال پر سنگین سوالیہ نشان ہیں بلکہ ان سے عوام میں شدید خوف و ہراس پھیل رہا ہے اور شہری خود کو اپنے ہی گھروں میں غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔ پولیس تھانوں کو نذر آتش کرنے کے واقعات نہ صرف قابل مذمت ہیں بلکہ صوبے کی اپنی فورسز پہلے مرحلے میں لیویز فورس کو پولیس میں ضم کیا گیا اور اب لیویز و پولیس فورس دونوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے اور روزانہ کی بنیاد پر واقعات رونما ہو رہے ہیں جن میں فورسز اور غریب بے گناہ نہتے انسان لقمہ اجل بن رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبہ بالخصوص جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع میں اس وقت بدامنی کی لہر موجود ہے، سرعام مسلح افراد اور جتوں کا قانون کو ہاتھ میں لینا، سرکاری املاک کو نشانہ بنانا اور پولیس تھانوں پر حملے کرنا ریاستی رٹ اور قانون کی بالادستی کے لیے انتہائی خطرناک صورتحال ہے۔ ایسے واقعات حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی سنگین غفلت اور اپنے فرائض کی مؤثر ادائیگی میں ناکامی کا واضح تاثر پیدا کرتے ہیں۔ اور جاری پراکسیز اور مسلح جتھے یا قانون شکن عناصر کی حکومتی سرپرستی قابل افسوس اور قابل مذمت ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پارٹی شروع دن سے مطالبہ کرتی رہی ہے کہ اچھے اور برے دہشت گردی کی تمیز کو ختم کیا جائے۔ مسلح جتھوں اور قانون ہاتھ میں لینے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز، مؤثر اور قانون کے مطابق کارروائی کی جائے، سرعام اسلحہ کی نمائش اور مسلح کارروائیوں کا فوری سدباب کیا جائے جبکہ حساس علاقوں میں سکیورٹی کے مؤثر انتظامات کیے جائیں تاکہ شہری بلاخوف اپنے معمولات زندگی جاری رکھ سکیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پولیس تھانوں پر حملے لاقانونیت عام ہونے اور معاشرے میں انتشار و بدامنی بڑھنے کا خدشہ ہے۔ عوام کے گھروں تک خوف کا پہنچ جانا کسی بھی مہذب اور ذمہ دار ریاست کے لیے انتہائی تشویشناک امر ہے۔ جس کے باعث خانہ جنگی عام ہوگی جس کی ذمہ داری ریاست ہوگی۔ بیان میں حکومت، انتظامیہ اور سکیورٹی اداروں سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ عوام کو فوری اور عملی تحفظ فراہم کیا جائے، مسلح جتھوں کا خاتمہ کیا جائے، ریاستی رٹ بحال کی جائے اور قانون کی بالادستی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ ایسے واقعات کا مسلسل رونما ہونا معاشرے کو انتشار اور ممکنہ خانہ جنگی کی طرف لے جانے کے مترادف ہے، جس کے نتائج انتہائی خطرناک ہو سکتے ہیں۔ ریاست کی بنیادی ذمہ داری اپنے شہریوں کا تحفظ، عوام کے جان، مال، عزت اور املاک کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔ حکومت کو محض بیانات اور یقین دہانیوں کے بجائے عملی اقدامات کے ذریعے ثابت کرنا ہوگا کہ عوام کے جان و مال اور امن و امان کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 23

ت کے مطابق بچوں کے تحفظ استحصال اور ہراسگی کی روک تھام کے حوالے سے ضلعی چائلڈ پروٹیکشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر حب کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس حب میں منعقد ہوا، اجلاس میں مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر حب نے کہا کہ بچوں کا تحفظ ایک نہایت سنجیدہ اور اہم معاملہ ہے جس کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو عملی، مربوط اور بروقت اقدامات کرنا ہوں گے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بچوں کے خلاف تشدد، ہراسگی، استحصال اور جبری مشقت کے خاتمے کے لیے تمام ادارے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کریں اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بچوں کے ساتھ زیادتی یا ہراسگی کے تمام واقعات سب سے پہلے قریبی طبی مرکز میں رپورٹ کیے جائیں گے۔ سول ہسپتال حب، محکمہ صحت، پی پی ایچ آئی اور سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ باہمی رابطے کے ذریعے متاثرہ بچوں کو فوری طبی اور نفسیاتی معاونت فراہم کریں گے۔ مزید برآں پولیس ایسے تمام قابل دست اندازی جرائم میں فوری ایف آئی آر درج کرے گی اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائے گی۔ اگر متاثرہ خاندان قانونی کارروائی میں دلچسپی نہ لے تو ریاست پولیس کے ذریعے مدعی بن کر مقدمے کی پیروی کرے گی اجلاس میں اس امر کا بھی فیصلہ کیا گیا کہ ضلع میں علیحدہ چائلڈ پروٹیکشن سینٹر نہ ہونے کے باعث سول ہسپتال حب کو عارضی طور پر چائلڈ پروٹیکشن سپورٹ سینٹر کا درجہ دیا جائے گا تاکہ متاثرہ بچوں کو فوری طبی اور نفسیاتی سہولیات میسر آسکیں چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لیے محکمہ محنت کو ہدایت کی گئی کہ ورکشاپس، گیراجز، ہوٹلوں، کیفوں، دکانوں اور دیگر کاروباری مراکز کی باقاعدہ نگرانی کرے اور بچوں کے استحصال یا غیر قانونی مشقت کے واقعات کی صورت میں پولیس کے ساتھ مل کر قانونی کارروائی عمل میں لائے اجلاس میں تعلیمی اداروں میں جسمانی سزا (Corporal Punishment) پر مکمل پابندی کا اعادہ کیا گیا ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کو ہدایت دی گئی کہ سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کی نگرانی کو یقینی بنایا جائے اور خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ ادارے کے سربراہ کے خلاف قانونی و محکمانہ کارروائی کی جائے

بچوں کے تحفظ سے متعلق عوامی شعور بیدار کرنے کے لیے ضلع بھر میں جامع آگاہی مہم شروع کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا محکمہ تعلیم، محکمہ صحت، محکمہ محنت، پولیس، سوشل ویلفیئر اور ضلعی انتظامیہ اپنے اپنے دائرہ کار کے مطابق بینرز، فلیکسز اور آگاہی مواد تیار کریں گے جبکہ بلدیاتی ادارے انہیں نمایاں مقامات پر آویزاں کریں گے۔ اس کے علاوہ سوشل، الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے ذریعے بھی آگاہی مہم چلائی جائے گی اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے بچوں کے تحفظ کے حوالے سے ایک آگاہی ریلی کا انعقاد کیا جائے گا جس میں محکمہ تعلیم، محکمہ محنت، پولیس، محکمہ صحت، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ ادارے بھرپور شرکت کریں گے اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر حب نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں پر مؤثر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے اور پیش رفت سے متعلق رپورٹس باقاعدگی سے ڈپٹی کمشنر آفس کو ارسال کی جائیں۔

بقیہ 24

او شاہ زمان کھیتران سمیت دیگر پولیس افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈی ایس پی جبار مینگل نے افسران کو امن و امان کی صورتحال مزید بہتر بنانے، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کرنے اور پولیس گشت کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایات دیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور جرائم کی روک تھام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ ڈی ایس پی نے افسران پر زور دیا کہ شہریوں کے ساتھ بہتر رویہ اپناتے ہوئے ان کے مسائل کے فوری حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 25

مطالبہ کیا ہے کہ دونوں کو فوری طور پر بحفاظت بازیاب کرایا جائے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے نے کہا کہ سردار شاہ زمان علیزئی ایک مدبر، مخلص، بے لوث اور معزز قبائلی و عوامی رہنما ہیں۔ ان کا اغواء بلوچ روایات، ننگ و ناموس اور قبائلی اقدار کی سنگین پامالی ہے، جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ اختلاف رائے اپنی جگہ، لیکن کسی بھی بلوچ کی عزت، جان اور آزادی اور ننگ و ناموس کو نقصان پہنچانا قابل قبول نہیں۔ بلوچستان پہلے ہی بے روزگاری، غربت، پسماندگی اور دیگر سنگین مسائل کا شکار ہے، ایسے حالات میں مزید تصادم اور بدامنی کسی کے مفاد میں نہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سردار شاہ زمان علیزئی اور ان کے بیٹے کی بحفاظت بازیابی کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کو یقینی بنانے کے لئے مؤثر اقدامات اٹھاتے ہوئے حالات کو سازگار بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اختلافات کا حل طاقت نہیں بلکہ گفت و شنید، قبائلی روایات، باہمی احترام اور سیاسی و جمہوری طریقہ کار میں مضمر ہے۔ بلوچستان کو مزید تصادم نہیں بلکہ امن، اتحاد، بھائی چارے اور باہمی احترام کی ضرورت ہے اور اس پر عمل پیرا ہو کر پرامن ترقی یافتہ بلوچستان کا خواب شرمندہ تعبیر بنایا جا سکتا ہے۔

بقیہ 26

گیا ہے کہ بلوچستان میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے مسلسل پیش آنے والے یہ واقعات اس امر کا تقاضا کرتے ہیں کہ ریاست اور حکومت محض بیانات اور رسمی اقدامات تک محدود ہو کر رہ گئی بیان میں کہا گیا کہ دہشت گردی خواہ کسی بھی نام تنظیم گروہ یا فرد کی جانب سے ہی کیوں نہ ہو کسی صورت جائز نہیں قرار دیا جا سکتا دہشت گردی کے خلاف مؤثر کارروائی ریاست کی آئینی و بنیادی ذمہ داری ہے جبکہ عوام کو غیر محفوظ چھوڑ دینا اور دہشت گرد عناصر کو کھلی چھوٹ دینا کسی طور قابل قبول نہیں سنجاوی، زیارت، ہرنائی اور پشین میں رونما ہونے والے واقعات نے عوام کے اندر شدید خوف و اضطراب پیدا کیا ہے جس کا فوری ازالہ ناگزیر ہے صوبائی بیان میں کہا گیا کہ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں جس انداز سے بدامنی کو مسلسل ہوا دی جا رہی ہے اور پورا صوبہ مسلح جتھوں کے نرغے میں ہے اس کے نتیجے میں مقامی آبادی کو اپنے آبائی علاقوں سے نقل مکانی پر مجبور کرنے کی صورتحال پیدا کی جا رہی ہے تاکہ سوات کی طرز پر لوگوں کو بیدخل کرنے پر مجبور کیا جا سکے اگر بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بھی اسی نوعیت کی صورتحال پیدا کی جا رہی ہے تو یہ نہ صرف انتہائی خطرناک بلکہ صوبے کے عوام کے لیے ناقابل قبول عمل ہے عوام کو ان کے آبائی علاقوں سے بے دخل کرنا قبضہ گیری کا منصوبہ ہے بیان میں کہا گیا کہ قومی شاہراہیں، بازار، تجارتی مراکز، سرکاری تنصیبات اور سویلین آبادی دہشت گردوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑی جا سکتیں عوام کے جان و مال عزت و آبرو اور بنیادی حقوق کا تحفظ ریاست اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی اولین ذمہ داری ہے اگر شہری اپنے ہی علاقوں میں خود کو غیر محفوظ سمجھنے لگیں تو یہ صورتحال ریاستی رٹ اور حکمرانی کے لیے ایک سنجیدہ سوالیہ نشان ہے امن و امان سے متعلق بلند و بانگ دعووں کے برعکس ریاست اور حکومت بدامنی کے حالیہ واقعات کا فوری تدارک کریں دہشت گردی کے تمام واقعات کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں ذمہ دار عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور عوام کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے واضح مؤثر اور مستقل حکمت عملی اختیار کی جائے بیان میں واضح کیا گیا کہ عوام کو دہشت گردی خوف و ہراس اور جبری نقل مکانی کے ذریعے اپنے آبائی علاقوں سے دور کرنے کی کسی بھی کوشش کو قبول نہیں کیا جائے گا قومی شاہراہوں بازاروں اور شہری آبادیوں کی حفاظت یقینی بنانا ریاست کی ذمہ داری ہے، لہٰذا حکومت محض واقعات کے بعد مذمتی بیانات جاری کرنے کے بجائے دہشت گردی کے مستقل سدباب اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات اٹھائے عوام کو امن تحفظ اور اپنے گھروں میں باعزت زندگی گزارنے کا حق ہر صورت یقینی بنایا جائے

بقیہ 27

کے مطابق نامعلوم افراد نے پولیس تھانے پر گرینڈ پھینکا، تاہم خوش قسمتی سے گرینڈ پھٹنے کے باوجود کوئی جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا۔ واقعے کے بعد پولیس نے علاقے میں سکیورٹی مزید سخت کرتے ہوئے نامعلوم حملہ آوروں کی تلاش شروع کر دی ہے۔

بقیہ 28

ٹی، حاضری کے نظام کی بہتری اور تعلیمی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کو سر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے اسکول میں جاری تعلیمی سرگرمیوں، اساتذہ و طلبہ کی حاضری، تدریسی عمل، انتظامی امور اور دستیاب بنیادی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے اسکول کے مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے تعلیمی ماحول کو مزید بہتر بنانے اور طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے ضروری اقدامات پر زور

دیا۔ انہوں نے اساتذہ کی ذمہ داریوں اور طلبہ کی باقاعدہ حاضری کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ اسکولوں میں تعلیمی سرگرمیوں کا تسلسل اور مؤثر تدریسی عمل بچوں کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔ اس موقع پر غیر حاضر ملازمین کے حوالے سے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ فرائض میں غفلت یا بلا جواز غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور قواعد و ضوابط کے مطابق متعلقہ اہلکاروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کی تعلیم پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، کیونکہ آج کے بچے ہی ملک و قوم کے مستقبل کے معمار ہیں۔ اساتذہ کی بروقت حاضری، ذمہ دارانہ تدریسی کردار اور تعلیمی اداروں میں مؤثر نگرانی کے ذریعے بچوں کو معیاری تعلیم کے بہتر مواقع فراہم کیے جا سکتے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ گوادر کی جانب سے ضلع بھر کے تعلیمی اداروں کی مسلسل مانیٹرنگ، اساتذہ و طلبہ کی حاضری کی جانچ اور بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے تعلیمی وژن کی عملی تعبیر قرار دیا جا رہا ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ ضلع گوادر میں "ہر بچہ اسکول میں" کے مقصد کو عملی شکل دینے، شرح حاضری میں بہتری لانے اور ہر بچے کو تعلیم کی بہتر سہولت فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 29

نجام دہی قابل تحسین ہے۔ انہوں نے پولیس افسران و اہلکاروں پر زور دیا کہ وہ اسی جذبے، محنت اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کے ساتھ اپنے فرائض جاری رکھیں۔

بقیہ 30

کا مقصد ماؤں اور نوجوان والدین کو پہلے 6 ماہ تک صرف ماں کا دودھ پلانے اور اس کے فوائد سے آگاہ کرنا تھا۔ واک میں بینظیر نشوونما پروگرام کے عملے، اور خواتین نے شرکت کی۔ اس موقع پر واک کے شرکاء کا کہنا تھا کہ ماں کا دودھ بچے کے لیے قدرت کا انمول تحفہ ہے۔ یہ نہ صرف بچے کی جسمانی و ذہنی نشوونما کے لیے بہترین ہے بلکہ اس میں موجود قدرتی اجزاء بچے کو بیماریوں سے بھی محفوظ رکھتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ماں کے دودھ سے بچوں میں قوت مدافعت بڑھتی ہے، غذائی قلت اور اسہال جیسی بیماریوں کا خطرہ کم ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ یہ ماں کی صحت کے لیے بھی مفید ہے۔ شرکاء نے والدین سے اپیل کی کہ وہ بچے کی پیدائش کے فوراً بعد سے پہلے ایک گھنٹے کے اندر ماں کا دودھ شروع کروائیں اور کم از کم 6 ماہ تک کوئی اور چیز نہ دیں۔

بقیہ 31

کے فیصلوں، صوبائی ایگزیکٹو اور اضلاع کی رپورٹس کی منظوری دی۔ اجلاس میں رحیم یار خان، لاہور، ملتان، اٹک اور فیصل آباد سے پارٹی ساتھیوں نے شرکت کی۔ اجلاس کی کارروائی کے فرائض صوبائی جنرل سیکرٹری خالق داد وطن پال نے سرانجام دی۔ اجلاس سے مرکزی سینئر ڈپٹی چیئرمین ارشد لالا ایڈووکیٹ اور صوبائی صدر جانان افغان نے خطاب خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی پنجاب کے صوبائی کمیٹی کا اجلاس ایسے وقت میں ہو رہا ہے کہ پشتونخوا وطن میں بدامنی کا دور دورا ہے

بقیہ 32

تعاون سے بلوچستان ماڈل یونائیٹڈ نیشن (BMUN) کے تین روزہ یوتھ پروگرام کا آغاز ہو گیا۔ یہ پروگرام بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (BUITEMS) میں منعقد کیا جا رہا ہے، جس میں طلبہ و طالبات کو مختلف اہم قومی و عالمی امور پر اظہار خیال، مکالمے، بحث و مباحثے اور مسائل کے حل کے لیے اپنی تجاویز پیش کرنے کا موقع فراہم کیا جا رہا ہے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر قائم لاشاری نے کہا کہ نوجوان بلوچستان کا مستقبل اور سب سے قیمتی سرمایہ ہیں۔ موجودہ دور کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ضروری ہے کہ نوجوانوں کو جدید مہارتوں، مثبت سوچ، قائدانہ صلاحیتوں اور کاروباری شعور سے آراستہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ BBOIT نوجوانوں کی صلاحیتوں کو معاشی مواقع میں تبدیل کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا۔ نوجوانوں کو کاروباری دنیا میں قدم رکھنے، اپنے آئیڈیاز کو عملی شکل دینے، سرمایہ کاری کے مواقع سے استفادہ کرنے اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے رہنمائی اور معاونت فراہم کرنا بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ قائم لاشاری نے کہا کہ BMUN جیسے پروگرام نوجوانوں میں قیادت، تحقیق، مکالمے، فیصلہ سازی، تنقیدی سوچ اور مسئلہ حل کرنے کی صلاحیتوں کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت نوجوانوں کو ترقی کے عمل میں مؤثر شراکت دار بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ بھی نوجوانوں کی کاروباری صلاحیتوں کو فروغ دینے اور انہیں معاشی طور پر خود مختار بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ 33

فیصد کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ پیٹرول 3.77 فیصد اور مرغی کا گوشت 3.35 فیصد مہنگا ہوا۔ اس کے علاوہ لہسن کی قیمت میں 2 فیصد اور چنے کی دال کی قیمت میں 0.93 فیصد اضافہ ہوا۔ ادارہ شماریات کے مطابق ونٹیلیل گھی، تازہ دودھ اور گندم کا آٹا بھی ایک ہفتے کے دوران مہنگی ہونے والی اشیاء میں شامل رہے۔ بیف، گڑ، دہی، چاول اور سگریٹ کی قیمتوں میں بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دوسری جانب ہفتہ وار بنیادوں پر انڈے 5.78 فیصد اور ڈیزل 5.15 فیصد سستا ہوا۔ ٹماٹر کی قیمت میں 4.99 فیصد، آلو میں 1.17 فیصد، ایل پی جی میں 1.04 فیصد جبکہ کیلے کی قیمت میں 0.91 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق سالانہ بنیادوں پر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں نمایاں اتار چڑھاؤ دیکھا گیا۔ ایک سال کے دوران "پیاز کی قیمت میں 132.52 فیصد کا بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ ٹماٹر 93.21 فیصد اور گندم کا آٹا 62.25 فیصد مہنگا ہوا۔ ادارہ شماریات کے مطابق سالانہ بنیادوں پر ایل پی جی کی قیمت میں 51.69 فیصد، ڈیزل میں 33.08 فیصد جبکہ پیٹرول کی قیمت میں 27.65 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ سالانہ بنیادوں پر آلو کی قیمت میں 30.01 فیصد اور چینی کی قیمت میں 19.10 فیصد کمی ہوئی۔ اسی طرح ایک سال کے دوران مرغی کا گوشت 17.68 فیصد اور انڈے 17.41 فیصد سستے ہوئے۔ اعداد و شمار کے مطابق مجموعی طور پر ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی میں اضافہ جاری ہے، جس کے باعث روزمرہ استعمال کی متعدد اشیاء

کی قیمتوں میں اضافے کا رجحان برقرار ہے۔

بقیہ 34

کمیٹیوں میں پیش ہوئے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کا بلاک شناختی کارڈ فوری طور پر بحال کیا جائیں۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا بلاک شناختی کارڈ بحال کر دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 35

نیل پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر اور مفرور ملزمان کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر انداز میں جاری ہیں۔ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 36

تحت جاری منصوبوں کو مقررہ مدت میں معیاری انداز میں مکمل کیا جائے اور نئے منصوبوں پر بھی فوری کام شروع کیا جائے انہوں نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ روزگار اور Livelihood کے مواقع بہتر بنانے کے لیے بھی مؤثر اقدامات کیے جائیں گے ترقیاتی منصوبوں میں غفلت یا تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 37

61 ونگ کمانڈر کرنل سید فخر رفیق طلحہ، ایس پی سوراب خورشید احمد بلوچ، اسسٹنٹ کمشنر گدر عبدالجبار بگٹی، ضلعی افسران، علماء، سیاسی و سماجی شخصیات، صحافیوں، طلبہ اور عوام نیا جتماعی طور پر نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد کھلی کچہری میں شرکت کی ضلع سوراب کے شہریوں نے منعقدہ کھلی کچہری میں امن و امان، تعلیم، صحت، صاف پانی، بجلی، اسپورٹس، اسٹریٹ لائٹس اور مدارس کے لیے شمسی توانائی سمیت مختلف مسائل پیش کیے، جن پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو فوری اقدامات کی ہدایات جاری کیں اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ BSDI کے تحت ضلع سوراب میں عوامی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی کاموں کو مزید مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے گا اور عوامی ضرورت کے مطابق مختلف علاقوں میں ترقیاتی و فلاحی منصوبے شروع کیے جائیں گے انہوں نے متعلقہ افسران کو عوامی مسائل پر سنجیدگی سے عملدرآمد اور بروقت پیش رفت یقینی بنانے کی ہدایت کی کھلی کچہری کے اختتام پر ملک و قوم، بلوچستان میں امن و استحکام اور ضلع سوراب کی ترقی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعا بھی کرائی گئی۔

بقیہ 38

ہو کر الٹ گئی۔ حادثے کے نتیجے میں گاڑی کے کلینر کونگ کے رہائشی شازیب عرف کاکو موقع پر جاں بحق ہو گئے، جبکہ خواتین سمیت تین افراد زخمی ہوئے زخمیوں کو طبی امداد کے لئے قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا

بقیہ 39

کی موجودگی بڑھانے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر خزانہ نے حلال معیشت میں مخصوص مصنوعات، شعبوں اور مارکیٹس کی نشاندہی کرنے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ پاکستانی کاروبار کے لیے عالمی سطح پر نئے تجارتی مواقع پیدا کیے جا سکیں۔ انہوں نے حلال فوڈ، فیشن، سیاحت اور مختلف سروسز کے شعبوں میں موجود مواقع سے فائدہ اٹھانے پر بھی زور دیا۔ ملاقات میں اسلامی فنانس کے ایکو سسٹم کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ فریقین نے پاکستانی کاروباروں کے لیے کمرشل بنیادوں پر نئے مواقع پیدا کرنے اور عالمی مارکیٹ کے ساتھ روابط بہتر بنانے کے اقدامات پر بھی گفتگو کی۔ اسلامی چیمبر کے سیکریٹری جنرل نے حلال بزنس اور اسلامی اقتصادی تعاون کے حوالے سے عالمی تجربات سے آگاہ کیا اور پاکستان کے کاروباری شعبے کو بین الاقوامی مارکیٹس سے جوڑنے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات کے دوران پاکستان میں بین الاقوامی کاروباری کانفرنسز اور بزنس فورمز کے انعقاد اور ان میں پاکستانی نمائندوں کی شرکت کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے پاکستان کے ساتھ اسلامی چیمبر کے تعاون کو سراہتے ہوئے پاکستانی کاروباری اداروں اور عالمی کاروباری نیٹ ورکس کے درمیان روابط مزید بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ فریقین نے اس امر پر اتفاق کیا کہ عالمی حلال مارکیٹ اور اسلامی فنانس کے شعبوں میں پاکستان کی صلاحیتوں کو مؤثر انداز میں اجاگر کر کے ملکی کاروبار کے لیے بین الاقوامی سطح پر مزید مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔

بقیہ 40

بتدائی وارننگ کے مؤثر نظام اور ہنگامی معلومات کی فوری ترسیل کو یقینی بنانا ہے۔ مرکز کو آٹومیٹک ویدر اسٹیشن سے منسلک کیا گیا ہے، جس کے ذریعے موسمی تبدیلیوں اور ممکنہ خطرات سے متعلق معلومات بروقت حاصل کی جا سکیں گی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ، UN-WFP کے نمائندگان، آزات فاؤنڈیشن، ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (DDMA)، مختلف سرکاری محکموں، غیر سرکاری تنظیموں اور مقامی کمیونٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرا بلوچ نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشنز سینٹر کا قیام ضلع میں قدرتی آفات کے خطرات کم کرنے اور عوام کے تحفظ کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مؤثر ارلی وارننگ سسٹم کے ذریعے ممکنہ خطرات سے قبل متعلقہ اداروں اور عوام کو بروقت آگاہ کرنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہنگامی صورتحال میں مختلف محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ اور معلومات کا بروقت تبادلہ جانی و مالی نقصان کو کم کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ DEOC کے فعال ہونے سے ہنگامی حالات میں اداروں کے باہمی رابطے اور مربوط کارروائی کو مزید مؤثر بنایا جا سکے گا۔ تقریب کے شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشنز سینٹر کو فعال اور مؤثر انداز میں استعمال کرتے ہوئے لسبیلہ میں قدرتی آفات اور موسمی ہنگامی حالات سے نمٹنے، بروقت وارننگ جاری کرنے اور عوامی تحفظ کے اقدامات کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔

بقیہ 41

جانا ناقابل قبول اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نے عمران خان کو طبی معائنہ و علاج کے لیے اسپتال منتقل کرنے اور طبی ماہرین کی نگرانی میں رکھنے کی ہدایت کی تھی۔

شفاف انتخابات کر کے عوام کے حق رائے دہی کو تسلیم کرتے ہوئے حقیقی نمائندوں کو پارلیمان اور اقتدار میں آنے دیا جائے

حکمران بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں امن قائم کرنے میں ناکام ہو چکے ہیں

جمیعت علماء اسلام نظریاتی نے ہمیشہ اللہ پاک کے حکم کو سامنے رکھا ہے غزہ پیس معاہدے پر عملدرآمد کیوں نہیں کیا جا رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمیعت علماء اسلام نظریاتی کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی نے کہا ہے کہ حکمران بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں امن قائم کرنے میں ناکام ہو چکے ہیں اس لئے آزادانہ سیاست اور طرز حکمرانی کے لئے آزادانہ خودمختار پالیسی پر عمل پیرا ہو کر صاف اور شفاف انتخابات کر کے عوام کے حق رائے دہی کو تسلیم کرتے ہوئے حقیقی نمائندوں کو پارلیمان اور اقتدار میں آنے دیا جائے اس لئے تمام جماعتیں سیاست (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 13)

ڈی سی ہرنائی کی زیر صدارت ہرنائی میں صحت و تعلیم کے جائزہ اجلاس

اسپتالوں میں ادویات کی بلاتعطل فراہمی اور عملے کی حاضری یقینی بنانے کی ہدایت

ہرنائی (خ ن) ضلع ہرنائی میں عوام کو صحت اور تعلیم کی معیاری سہولیات کی فراہمی اور سرکاری اداروں کی کارکردگی کو فعال بنانے کے لیے ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی (DHC) اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ (DEG) کے الگ الگ جائزہ اجلاس منعقد ہوئے۔ اجلاسوں میں ضلع بھر کے ہسپتالوں، بنیادی مراکز صحت اور سرکاری سکولوں کی کارکردگی، عملے کی حاضری اور درپیش مسائل کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد سلیم ترین، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DHO)، (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 15)

ونڈر کے علاقے میں ٹرالر کی ٹکر سے رکشہ ڈرائیور ہلاک

کوئٹہ (آن لائن) ونڈر کے علاقے میں ٹرالر کی ٹکر سے رکشہ ڈرائیور ہلاک ہو گیا۔ نعش ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز ونڈر کے علاقے میں تیز رفتار ٹرالر کی ٹکر سے رکشہ ڈرائیور حبیب اللہ ہلاک ہو گیا۔ نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 14)

مائنز حادثات کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانیں ضائع ہو رہی ہیں: سلطان خان

بلوچستان حکومت شہید کانکنوں کی فیملی کیلئے امدادی رقم میں اضافہ کرے، عبدالستار و دیگر

[illegible] (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 11)

پولیس انتظامیہ عوام کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، پشتونخوا میپ چمن

[illegible] (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 10)

جب پولیس اسٹیشن محفوظ نہ رہیں تو عام شہری اپنے جان و مال کے تحفظ کے لیے کس سے امید وابستہ کریں؟ مشترکہ بیان

محسن نقوی کے ایس ایچ او والے تھانے دن دیہاڑے بموں سے اڑائے جا رہے ہیں

حکمرانوں کے غیر سنجیدہ طرز عمل کے باعث بلوچستان کے مسائل مزید پیچیدہ ہوتے جا رہے ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (آن لائن) جمیعت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی مبین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عبدالصمد حقیار نے سراتان میں دن دیہاڑے پولیس اسٹیشن کو بم دھماکے سے نشانہ بنانے کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال انتہائی تشویشناک صورت ا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 1)

ملک سے بے راہ روی اور دہشت گردی خود بخود ختم ہو جائے گی، لالہ یوسف خلجی

صنعتیں نہ ہونے کی وجہ سے نوجوان ہاتھوں میں ڈگریاں لئے در بدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں صنعتیں نہ ہونے کی وجہ سے پڑھے لکھے نوجوان ہاتھوں میں ڈگریاں لئے در بدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں اور سرکاری نوکریاں سرعام فروخت ہو رہی ہیں جس سے پڑھے لکھے نوجوانوں میں مایوسی پھیل رہی ہے اور وہ بے راہ روی اور غیر راستوں پر انتخاب کرنے پر مجبور ہیں بلوچستان کا مسئلہ دہشت گردی نہیں بلکہ معاشی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ بلوچستان میں لوگوں کے روزگار کا ذریعہ بارڈر اور سرکاری نوکریاں تھیں گزشتہ کافی عرصے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 2)

خلجی برادران کی جانب سے 12 ربیع الاول کی مناسبت سے وفا روڈ سے ریلی نکالی گئی

کوئٹہ (آن لائن) خلجی برادران کی جانب سے 12 ربیع الاول کی مناسبت سے مولانا علامہ شہزاد عطاری، مولانا مختیار احمد حبیبی اور خلجی برادران کی قیادت میں وفا روڈ سے ریلی نکالی گئی جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی منان چوک پر جلسے کی شکل اختیار کر گئی ریلی کے شرکاء نے بینرز، (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 12)

کسٹمز ایجنٹس کی گڈز ڈیکلریشن سروس پر فی ڈیکلریشن ایک ہزار روپے بلوچستان سیلز ٹیکس عائد

کسٹمز ایجنٹس بروقت رجسٹریشن، ٹیکس ریٹرن فائلنگ اور واجبات کی ادائیگی یقینی بنائیں، بلوچستان ریونیو اتھارٹی

[illegible] (BRA) [illegible] (Declaration) [illegible] 1,000 [illegible] (Goods [illegible] (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 16)

زیارت، ہرنائی اور سنجاوی کے وفود کی صوبائی وزیر نور محمد دمڑ سے ملاقات

عوامی نوعیت کے مسائل کے حل کیلئے ضروری اقدامات اٹھانے کی ہدایت عوامی مسائل اور بنیادی سہولیات پر تفصیلی تبادلہ خیال

مریض کے آپریشن کے اخراجات فوری فراہم کرنے کا حکم، عوامی مسائل کے حل اور مستحق افراد کی مدد اولین ترجیح ہے، نور محمد دمڑ

زیارت (خ ن) صوبائی وزیر کمیونٹی ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ سے زیارت، ہرنائی اور سنجاوی سے آئے مختلف وفود نے سول سیکرٹریٹ میں ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفود کے شرکاء نے اپنے اپنے علاقوں کو درپیش عوامی مسائل، بنیادی سہولیات کی کمی، علاقائی ضروریات اور دیگر اہم امور سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا وفود نے مختلف مسائل کے حل کے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 3)

موجودہ صوبوں کو مضبوط اور با اختیار بنایا جائے، سردار رفیق شیر بلوچ

صوبوں کو مزید تقسیم کرنے کے بجائے موجودہ صوبوں کو مضبوط اور با اختیار بنایا جائے

دالبندین (آن لائن) نیشنل پارٹی رخشان ڈویژن کے ریجنل سیکرٹری سردار رفیق شیر بلوچ نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں ملک میں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق تجاویز کی مخالفت کرتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ انتظامی تقسیم کے نام پر صوبوں کو مزید تقسیم کرنے کے بجائے موجودہ صوبوں کو مضبوط اور با اختیار بنایا جائے۔ پارٹی کے مطابق بلوچستان (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 4)

اوستہ محمد، پانی کے تالاب میں ڈوب کر 12 سالہ لڑکا جاں بحق

کوئٹہ (آن لائن) اوستہ محمد کے علاقے میں پانی کے تالاب میں ڈوب کر 12 سالہ لڑکا جاں بحق ہو گیا تفصیلات کے مطابق با (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 9)

ظالمانہ اقدامات سے عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو رہا ہے، عالم خان کاکڑ

سیاسی انتقام کی بھینٹ چڑھانا ناقابل قبول اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سابق ایڈیشنل جنرل سیکرٹری عالم خان کاکڑ اور ایڈووکیٹ عبدالحکیم زریں نے بانی چیئرمین عمران خان کو سپریم کورٹ کے حکم کے مطابق طبی سہولیات اور بنیادی انسانی حقوق فراہم نہ کیے جانے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی قیدی کی صحت اور زندگی کو سیاسی انتقام کی بھینٹ چڑ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 5)

پولیس نے ہمیشہ ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے اپنا کلیدی کردار ادا کیا ہے، عبدالحمید

کوئٹہ (آن لائن) ایس ایس پی سبی پولیس عبدالحمید نے کہا ہے کہ پولیس کے آفیسران اور جوان فرائض منصبی ادا کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کر کے عوام (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 8)

پیپلز پارٹی نے کوئی ترقیاتی کام نہیں کئے، سید جہانگیر شاہ

تمام سیاسی جماعتوں کو ملکر 28 ویں ترمیم پاس اور نئے صوبوں کی حمایت کرنی چاہئے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ تمام سیاسی جماعتوں کو ملکر 28 ویں ترمیم پاس اور نئے صوبوں کی حمایت کرنی چاہئے جو ملک کے مفاد میں ہے، عمران خان نے اپنے دور اقتدار میں مسلم لیگ (ن) کے قائدین کے خلاف جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات بنا کر انہیں جیل کی سلاخوں کے پیچھے ڈالا لیکن ہمارا موقف (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 6)

بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ 2026ء کی متعلقہ شقوں کے تحت تفویض

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق بلوچستان گورنمنٹ رولز آف بزنس 2012ء اور "بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ 2026ء" کی متعلقہ شقوں کے تحت (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 7)

تحریک لبیک پاکستان کوئٹہ ڈویژن کے زیر اہتمام عید میلاد النبی کے سلسلے میں استقبالیہ ریلی سے پیر صاحبزادہ خالد سلطان، احمد رضا قمرانی، قاری نور محمد، حاجی محمد ظریف، حاجی طارق محمود عباسی صفیر کھرل خطاب کر رہے ہیں

ڈی سی نصیر آباد کی عوامی مسائل کے حل کے لیے موقع پر افسران کو ہدایات

ضلعی انتظامیہ درخواستوں کے بجائے عملی اقدامات یقینی بنائے، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

نصیر آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی ہدایات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ اسمبلی ہال نصیر آباد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل نے کی کھلی کچہری کا بنیادی مقصد شہریوں کو براہ راست اپنے مسائل ضلعی انتظامیہ کے سامنے پیش کرنے کا موقع فراہم کرنا اور ان کے حل کے لیے فوری و مؤثر اقدامات یقینی بنانا تھا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے کہا کہ کھلی کچہری عوامی مسائل سننے اور ان کے حل کے لیے ایک (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 18)

بلوچستان میں خواتین کی معاشی شمولیت اور با اختیاری کیلئے ورکشاپ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان حکومت، ایف اے او اور جامعہ بلوچستان کے اشتراک سے خواتین کی معاشی شمولیت اور انہیں با اختیار بنانے کے حوالے سے ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ایف اے او کے قائم مقام سربراہ جیمز اوکوتھ نے کہا ہے کہ لائیو اسٹاک سے وابستہ روزگار میں خواتین کے کردار، مواقع اور مشکلات کو سمجھنا مؤثر حکمت عملیوں کی تشکیل کے لیے ضروری ہے۔ اور مشترکہ تحقیق سے خواتین کو وسائل، فیصلہ سازی اور منڈیوں تک رسائی کے حوالے سے اہم شو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 19)

مسائل اور دیگر پولیس سے متعلق امور کے فوری ازالے کیلئے عوامی سماعت کا باقاعدہ انتظام

حب (خ ن) ضلع حب پولیس کی جانب سے عوام الناس کی شکایات، مسائل اور دیگر پولیس سے متعلق امور کے فوری ازالے کے لیے عوامی سماعت کا باقاعدہ انتظام کیا گیا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 17)

مولانا عبدالقادر لونی کو مرکزی امیر اور مولانا محمود الحسن قاسمی کو سیکرٹری جنرل منتخب پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، حلیم شاہ

ژوب (آن لائن) جمیعت نظریاتی کے ضلعی رہنما حافظ حلیم شاہ مولوی عبدالحنان مولوی حمید صافی حافظ گل زمان حافظ مناف محمد ندیم عبدالباقی مولوی حمید مردانزئی اختر جان (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 20)

جمیعت طلبہ اسلام ضلع کوہٹہ کے ضلعی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس

جمیعت طلبہ اسلام ضلع کوہٹہ کے زیر اہتمام 15 / اکتوبر تاریخی تقریری مقابلہ

ڈاکٹر سرفراز احمد خان شہید رح کی یاد میں ہونے والے کانفرنس سے آچھے اثرات برآمد ہوں گے

کوئٹہ (آن لائن) جمیعت طلبہ اسلام ضلع کوہٹہ کے ضلعی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس جمیعت علمائے اسلام ضلع کوہٹہ کے ضلعی سیکریٹریٹ میں زیر صدارت جمیعت طلبہ اسلام ضلع کوہٹہ کے ضلعی صدر حافظ حبیب الرحمن منعقد ہوا اجلاس میں ضلع بھر میں جاری تنظیمی دوروں پر غور خصوصی کیا جس پر جمیعت طلبہ اسلام ضلع کوہٹہ کے ضلعی مجلس عاملہ کے اراکین نے اطمینان کا اظہار مزید تنظیم کو عصری دینی اداروں میں فعال کرنے کا عزم کیا اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا/15 اکتوبر کو تقریری مقابلہ بسلسلہ یوم تاسیس ڈاکٹر سرفراز احمد خان شہید رح (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 21)

صوبے بالخصوص جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع میں اس وقت بدامنی کی لہر موجود ہے، صوبائی بیان

پشتونخوا میپ کی امن و امان کی خراب صورتحال پر مسلط نام نہاد صوبائی حکومت پر کڑی تنقید

ریاست کی بنیادی ذمہ داری اپنے شہریوں کا تحفظ، عوام کے جان، مال، عزت اور املاک کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں امن و امان کی خراب صورتحال پر مسلط نام نہاد صوبائی حکومت کو کڑی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ضلع پشین کے علاقے سرانان سمیت زیارت، سنجاوی، ہرنائی، کوئٹہ میں سرعام مسلح سرکاری جتھوں کی کارروائیوں کے واقعات کی پارٹی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ یہ واقعات نہ صرف امن و امان کی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 22)

کوئٹہ، استقبالیہ عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں منان چوک پر تحریک لبیک پاکستان اور دیگر مذہبی جماعتوں کی ریلی سے پیر خالد سلطان، علامہ مختار احمد حبیبی، علامہ احمد رضا قمرانی، صفیر احمد قادری، ذوالفقار طارق اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

بچوں کے تحفظ استحصال اور ہراسگی کی روک تھام کے حوالے سے ضلعی چائلڈ پروٹیکشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس

حب (خ ن) بچوں کے تحفظ استحصال اور ہراسگی کی روک تھام کے حوالے سے ضلعی چائلڈ پروٹیکشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر حب کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس حب میں منعقد ہوا، اجلاس میں مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ تفصیلا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 23)

سوراب: ڈپٹی کمشنر صاحبزادہ نجیب اللہ تبلیغی مرکز میں منعقدہ کھلی کچہری میں شہریوں کی درخواستوں پر احکامات جاری کر رہے ہیں

ڈی ایس پی رکھنی جبار مینگل کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا

رکھنی (خ ن) ڈی ایس پی رکھنی جبار مینگل کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں علاقے کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، جرائم کی روک تھام، پولیس گشت اور دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں ایس ایچ او رکھنی یونس خان کھیتران، ایس ایچ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 24)

سردار شاہ زمان کو فوری بازیابی کی جائے: سردار نور احمد بنگلزئی

سردار شاہ زمان علیزئی کا اغواء بلوچ روایات کی سنگین پامالی ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) چیف آف بنگلزئی سردار نور احمد بنگلزئی نے قبائلی رہنما سردار شاہ زمان علیزئی اور ان کے بیٹے کے مبینہ اغواء کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 25)

صاحبزادہ نجیب اللہ کی زیر صدارت (DCC) کا اجلاس

ترقیاتی منصوبوں میں غفلت یا تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی

سوراب (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں BSDI کے تحت جاری و مجوزہ ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایف سی بلوچستان 61 ونگ کمانڈر کرنل سید فخر رفیق ملک، ایس پی سوراب خورشید احمد بلوچ، اسسٹنٹ کمشنر گدر عبدالجبار بگٹی سمیت مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی متعلقہ افسران نے ترقیاتی منصوبوں، درپیش مسائل اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ BSDI کے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 36)

قلات جانے والی مسافر وین ٹریفک حادثے کا شکار ہو گئی، ایک شخص جاں بحق

قلات (آن لائن) بلوچستان کے ضلع میں قلات جانے والی مسافر وین ٹریفک حادثے کا شکار ہو گئی، ایک شخص جاں بحق جبکہ خواتین سمیت تین افراد زخمی، ہسپتال منتقل، ذرائع کے مطابق استاد جہانزیب کی مسافر وین کوئٹہ سے قلات جاتے ہوئے ٹائر پھٹنے کے باعث بے قابو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 38)

وزیر خزانہ سے اسلامی چیمبر آف کامرس اینڈ ڈویلپمنٹ کے سیکریٹری جنرل کی ملاقات

پاکستانی کاروباری اداروں اور عالمی بزنس نیٹ ورکس کے درمیان روابط مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے اسلامی چیمبر آف کامرس اینڈ ڈویلپمنٹ کے سیکریٹری جنرل نے ملاقات کی، جس میں پاکستان کے اقتصادی تعاون، حلال معیشت، اسلامی فنانس اور عالمی کاروباری روابط کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں پاکستانی کاروباری اداروں اور عالمی بزنس نیٹ ورکس کے درمیان روابط مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق ملاقات میں اسلامی چیمبر کے عالمی پلیٹ فارمز سے پاکستانی کاروبار کو فائدہ اٹھانے کے مواقع اور عالمی حلال معیشت میں پاکستان (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 39)

موسیٰ خیل پولیس کی جرائم پیشہ اور مفرور عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں

جرائم پیشہ عناصر اور مفرور ملزمان کے خلاف کارروائیاں مزید موثر انداز میں جاری ہیں

موسیٰ خیل (خ ن) ایس پی کلیم اللہ کاکڑ کی ہدایات پر موسیٰ خیل پولیس کی جرائم پیشہ اور مفرور عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری ہیں پولیس تھانہ درگ نے پولیس پارٹی کے ہمراہ مفرور ملزمان کے ٹھکانوں پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ FIR No. 02/2026 بجرم 324، 147، 148، PPC 149 میں مطلوب تین مفرور ملزمان کو گرفتار کر لیا گرفتار ملزمان میں قسمت خان ولد سرور جان عبدالمجید ولد انور جان اور شعیب ولد شیر جان قوم مندوخیل شامل ہیں ملزمان نے قتل کا بدلہ لینے کے لئے نعش لیکر جانیوالی ایمبولینس پر فائرنگ کی تھی موسیٰ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 35)

صاحبزادہ نجیب اللہ کی زیر صدارت جامع مسجد الفلاح تبلیغی مرکز میں گرینڈ کھلی کچہری کا انعقاد

سوراب (خ ن) بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن اور ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی زیر صدارت جامع مسجد الفلاح تبلیغی مرکز میں گرینڈ کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ایف سی بلوچستان (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 37)

قدرتی آفات اور موسمی خطرات سے نمٹنے کیلئے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشنز سینٹر قائم

ہنگامی حالات سے نمٹنے، بروقت وارننگ جاری کرنے اور عوامی تحفظ کے اقدامات کو مزید بہتر بنایا جائیگا

لسبیلہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر لسبیلہ میں قدرتی آفات اور موسمی خطرات سے نمٹنے کے لیے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (DEOC) قائم کر دیا گیا۔ مرکز کا افتتاح آزات فاؤنڈیشن نے ضلعی انتظامیہ کے تعاون اور اقوام متحدہ کے عالمی خوراک پروگرام (UN-WFP) کی معاونت سے کیا۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشنز سینٹر کے قیام کا مقصد موسمی صورتحال کی مسلسل نگرانی، ممکنہ خطرات کی بروقت نشاندہی، ا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 40)

یہ واقعات اس امر کا تقاضا کرتے ہیں کہ ریاست اور حکومت محض بیانات اور رسمی اقدامات تک محدود ہو کر رہ گئی

بلوچستان میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، اے این پی

دہشت گردی خواہ کسی بھی نام تنظیم گروہ یا فرد کی جانب سے ہی کیوں نہ ہو کسی صورت جائز نہیں قرار دیا جا سکتا

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں ضلع زیارت کی تحصیل سنجاوی میں ڈیم اور پولیس اسٹیشنوں کو بم دھماکوں سے نشانہ بنانے سنجاوی میں تھانوں سے پولیس اہلکاروں کو واپس بلانے اور انہیں غیر مسلح رکھنے ضلع ہرنائی میں مغوی نوجوان کی مسخ شدہ لاش برآمد ہونے اور ضلع پشین کی تحصیل سرانان میں پولیس اسٹیشن کو دھماکے سے اڑانے کے واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 26)

کوئٹہ، تحریک لبیک پاکستان کوئٹہ ڈویژن کے زیر اہتمام عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں استقبالیہ ریلی حاجی ظریف رضوی، حاجی طارق محمود عباسی، علامہ احمد رضا قمرانی فہیم سلطانی، ذوالفقار طارق اور دیگر کی قیادت میں زرغون روڈ سے گزر رہی ہے

ماں کا دودھ بچے کے لیے قدرت کا انمول تحفہ ہے، نگہت کھوسہ

ماں کے دودھ کی اہمیت اور افادیت کے حوالے سے شعور آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا

فرید آباد (آن لائن) بینظیر نشوونما پروگرام، ورلڈ فوڈ اور انڈس کے اشتراک سے صحت پور میں ماں کے دودھ کی اہمیت اور افادیت کے حوالے سے شعور آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا پروگرام آفیسر نگہت کھوسہ، ایف سی عروسہ کھوسہ، ڈپٹی ڈائریکٹر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام شبیر احمد بگٹی، ڈپٹی ڈی ایچ او احمد عارف داجلی دیگر کی سربراہی میں شعور آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا واک (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 30)

سبی پولیس کی بہترین کارکردگی، افسران و اہلکاروں میں تعریفی سرٹیفکیٹس تقسیم

کوئٹہ (خ ن) ایس ایس پی سبی عبدالحمید نے قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری ملزمان کی گرفتاری اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا۔ ایس ایس پی سبی عبدالحمید نے افسران و اہلکاروں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے فرائض کی بہترین ا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 29)

جنگل پیر علیزئی پولیس تھانے پر نامعلوم افراد کا گرینڈ حملہ

کوئٹہ / جنگل پیر علیزئی (آن لائن) جنگل پیر علیزئی پولیس تھانے پر نامعلوم افراد نے گرینڈ پھینک کر فرار ہو گئے۔ پولیس ذرائع (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 27)

اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام کا گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کو وسر کا دورہ

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن "ہر بچہ اسکول میں" کے تحت ضلع گوادر میں تعلیمی اداروں کی نگرا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 28)

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی پنجاب کی صوبائی کمیٹی کا اجلاس

صوبائی ایگزیکٹو کی گزشتہ اجلاسوں کے فیصلوں اور رپورٹ کا تنقیدی جائزہ

اجلاسوں کے فیصلوں، صوبائی ایگزیکٹو اور اضلاع کی رپورٹس کی منظوری دی

کوئٹہ / اسلام آباد (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی پنجاب کی صوبائی کمیٹی کا اجلاس صوبائی صدر جانان افغان کی صدارت میں حاجی یونس مہمند کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی کمیٹی کی رپورٹ پیش کی گئی۔ ساتھیوں نے اتفاق رائے سے صوبائی ایگزیکٹو کی گزشتہ اجلاسوں کے فیصلوں اور رپورٹ کا تنقیدی جائزہ لینے کے بعد صوبائی ایگزیکٹو کے اجلاسوں (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 31)

بلوچستان ماڈل یونائیٹڈ نیشن (BMUN) کے تین روزہ یوتھ پروگرام کا آغاز

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور ہدایات کی روشنی میں صوبے کے نوجوانوں کو با اختیار بنانے، ان کی قائدانہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انہیں جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (BBOIT) کے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 32)

ادارہ شماریات نے ہفتہ وار مہنگائی سے متعلق رپورٹ جاری

ہفتہ وار مہنگائی میں 0.49 فیصد اضافہ، سالانہ شرح 9.66 فیصد ریکارڈ

اسلام آباد (آن لائن) ملک میں مہنگائی کے دباؤ میں ایک بار پھر اضافہ ہو گیا، 20 اگست کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں 0.49 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح 9.66 فیصد تک پہنچ گئی۔ ادارہ شماریات نے ہفتہ وار مہنگائی سے متعلق رپورٹ جاری کر دی ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 23 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، جبکہ 10 اشیاء سستی ہوئیں اور 18 اشیاء کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ رپورٹ کے مطابق ہفتہ وار بنیادوں پر پیاز کی قیمت میں 14.17 (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 33)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار صابرہ کا بلاک شناختی کارڈ ایک ہفتے کے اندر کھلوا دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار صابرہ کا بلاک شناختی کارڈ ایک ہفتے کے اندر کھلوا دیا گیا۔ درخواست گزار صابرہ نے بتایا کہ انکا شناختی کارڈ بغیر کسی وجہ کے بلاک کر دیا گیا تھا۔ جس کی بحالی کے لیے وہ متعدد بار نادرا دفتر کے چکر کاٹے اور (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 34)

خلجی برادران کی جانب سے عید میلاد النبی کے سلسلے میں ریلی کے شرکاء سے مولانا شہزاد عطاری اور مختار احمد حبیبی خطاب کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com